Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 اتوار 11 دسمبر 2022ء 16 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 213

دہشت گردی کیخلاف جنگ میں جانوں کے نذرانے پیش کرنیوالے پاک فوج کے جوانوں، قوم کے شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں، گورنر پنجاب

# انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لئے ایک منصفانہ معاشرے کا قیام بہت ضروری ہے، بلیغ الرحمان

پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو مذہبی آزادی اور برابر کے حقوق حاصل ہیں، آج کے دن ہمیں اپنے کشمیری بہن بھائیوں اور ان کی قربانیوں کو بھی نہیں بھولنا

آج کے دن افواج پاکستان کے ان جوانوں کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے امن مشن میں فرائض سرانجام دینے کے دوران جام شہادت نوش کیا

لاہور ( غلام عباس ) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے ایک منصفانہ معاشرے کا قیام بہت ضروری ہے۔انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہمارے مذہب اسلام نے زمانہ جاہلیت میں عورتوں سمیت معاشرے کے تمام پسے ہوئے طبقات کو حقوق دیئے ، ہمارے نبی آخر زماں حضرت محمد ﷺ نے واضح طور پر فرمایا کہ کسی گورے کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی گورے پر، کسی عربی کو کسی عجمی اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فضیلت حاصل نہیں، فضیلت صرف تقوی کی بنیاد پر ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے ایک منصفانہ معاشرے کا قیام بہت ضروری ہے، جن ممالک نے انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا انہوں نے ہی ترقی کی۔ ہماری قومی ذمہ داری ہے کہ پاکستان کو قائداعظم کے افکار کے مطابق ایک ایسا رول ماڈل بنائیں جہاں ہر شخص آئینی حدود میں رہتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کر سکے۔ بلیغ الرحمان نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو مذہبی آزادی اور برابر کے حقوق حاصل ہیں، آج کے دن ہمیں اپنے کشمیری بہن بھائیوں اور ان کی قربانیوں کو بھی نہیں بھولنا۔ آج کے دن افواج پاکستان کے ان(بقیہ نمبر 1)

## بلاول بھٹو کا سنگاپور میں میٹا کے ایشیا پیسیفک ہیڈکوارٹر کا دورہ

جس کے بعد فیس بک پر مواد تخلیق کرنے والے افراد پیسہ کما سکیں گے، وزیر خارجہ

اسلام آباد / سنگاپور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے فیس بک پر مواد تخلیق کرنے والوں کو بڑی خوشخبری سنا دی، انہوں نے سنگاپور میں میٹا کے ایشیا پیسفک ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا ہے۔وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے سنگا(بقیہ نمبر 4)

## عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی پر آواز بلند کرے، زرداری

پاکستان پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی انسانی حقوق کو یقینی بنایا ہے، سابق صدر کا انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی پر آواز بلند کرے۔انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں سابق صدر نے (بقیہ نمبر3)

## ملک میں آئین کی بالادستی کی جنگ حقیقی آزادی تک جاری رہے گی، مسرت چیمہ

اقوام متحدہ کشمیر میں مسلمانوں پر ظلم وستم پر نوٹس لے، قراردادوں، کشمیری عوام کی منشا پر من وعن عمل کروایا جائے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان وزیراعلی و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک میں آئین کی بالادستی کی جنگ حقیقی آزادی تک جاری رہے گی۔انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت(بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیراعلی پرویز الٰہی یونیورسٹی چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

چیئرمین پی ٹی آئی پر الزامات نہیں ثابت شدہ کرپشن ہے، بلین ٹری اور القادر ٹرسٹ کی تفصیلات سامنے آئیں تو رونگٹے کھڑے ہوجائیں گے، سابق وزیراعظم

# خود کرپشن میں ڈوبا شخص دوسروں پر الزام لگا رہا ہے، نواز شریف

پاکستان میں عمران خان کے خلاف انکوائریاں چل رہی ہیں، پاکستان میں انکوائریوں کا کام ڈھیلا ڈھالا ہوتا ہے ہفتے کا کام دو سال پر چلا جاتا ہے، عمران خان کی گرفتاری کا دن بھی جلد آئے گا

لندن (نیوز ڈیسک) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ ہمیں مفت میں جلاوطنی اور جیلیں بھگتنا پڑی ہیں، عمران خان کی گرفتاری کا دن بھی جلد آئیگا، خود کرپشن میں ڈوبا شخص دوسروں پر الزام لگا رہا ہے،عمران خان اور شہزاد اکبر کو شرم آنی چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی پر الزامات نہیں ثابت شدہ کرپشن ہے، بلین ٹری اور القادر ٹرسٹ کی تفصیلات سامنے آئیں تو رونگٹے کھڑے ہوجائیں گے۔نجی ٹی وی کے مطابق لندن میں مختلف سیاسی شخصیات سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے(بقیہ نمبر 7)

## رضا ربانی کا ٹی ٹی پی سے مذاکرات کی پی ٹی آئی کی پالیسی کی تحقیقات کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی نے مطالبہ کیا ہے کہ سابق دور حکومت میں پا(بقیہ نمبر 6)

## وزیراعظم سے سردار اویس احمد خان لغاری کی ملاقات

پنجاب کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے رکن اسمبلی پنجاب سردار اویس احمد خان لغاری نے ملاقات کی جس میں پنجاب کی مجموعی سیاسی صورتحال(بقیہ نمبر 5)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے صوبائی وزیر اویس احمد لغاری ملاقات کررہے ہیں

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی حقوق کا عالمی دن بھرپور طریقے سے منایا گیا

لاہور ( این این آئی ) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہفتہ کے روز انسانی حقوق کا عالمی دن بھرپور طریقے سے منایا گیا۔اس دن کی مناسبت سے ملک کے مختلف(بقیہ نمبر 28)

## لکی مروت میں ڈپٹی ڈائریکٹر کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا

ابتدائی تحقیقات سے مطابق واقعہ ذاتی رنجش کا لگتا ہے، پولیس

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔میڈیا مطابق ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کا واقعہ تھانہ غزنی خیل کی حدود میں پیش آیا، ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے انعام مروت بنوں میں تعینات تھے۔پولیس(بقیہ نمبر 29)

## آئین پاکستان ہر شہری کے انسانی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، شیری رحمان

انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر دنیا کو مظلوم قوموں کیساتھ ہونے والے ظلم و جبر کا نوٹس لینا چاہیئے، وفاقی وزیر

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف وزیروں پر عالمی دنیا کی مجرمانہ خاموشی افسوسناک ہے

اسلام آباد(اعجاز علی ساغر سے)وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی دنیا کی مجرمانہ خاموشی افسوسناک ہے،انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر دنیا کو مظلوم قوموں کیساتھ ہونے والے ظلم و جبر کا نوٹس لینا چاہیئے۔انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری ر(بقیہ نمبر 8)

## منشیات برآمدگی کیس، وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ سمیت تمام شریک ملزمان باعزت بری

ہمارے سامنے منشیات برآمدگی نہیں ہوئی اینٹی نارکوٹکس کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر،انسپکٹر نے پراسیکیوشن کے الزام کو غلط قرار دیا

وفاقی وزیر رانا ثناءاللہ سمیت دیگر ملزمان نے انسداد منشیات کی خصوصی عدالت میں پیش ہوکر حاضری مکمل کروائی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) انسداد منشیات کی خصوصی عدالت نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ کی منشیات برآمدگی کیس میں بریت کے لیے دائر درخواست منظور کرتے ہوئے مقدمے سے باعزت بری کر دیا۔منشیات اسمگلنگ کیس سے بریت کے لیے رانا ثناءاللہ کی درخواست پر سماعت ہوئی جس میں اینٹی نارکوٹکس فورس کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر امتیاز اور انسپکٹر احسان عدالت میں پیش ہوئے۔دوران(بقیہ نمبر 27)

## پاک بحریہ کے کموڈور محمد حسین سیال کی ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی

ریئرایڈمرل محمد حسین سیال نے 1991 میں پاک بحریہ میں کمیشن حاصل کیا

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) پاک بحریہ کے کموڈور محمد حسین سیال کو ریئر ایڈمرل کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی ہے۔ریئر ایڈمرل محمد حسین سیال نے 1991 میں پاک بحریہ میں کمیشن حاصل کیا۔ ایڈمرل پاکستان نیوی وار کالج لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد سے گریجویٹ ہیں۔ انہوں نے برطانیہ سے ساؤنڈ اور وائبریشنز میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی ہے۔ریئر ایڈمرل محمد حسین سیال پاک بحریہ میں ایک شاندار کیریئر کے حامل ہیں، جس میں مختلف کمانڈ اور اسٹاف کی تقرریوں کا وسیع تجربہ شامل ہے۔ ان کی اہم کمانڈ تقرریوں میں کمانڈنٹ کارساز شامل ہیں۔ جبکہ ان کی اہم اسٹاف تقرریوں میں ڈائریکٹر (پراجیکٹس) ایم ٹی سی نارتھ، جنرل مینیجر پی سی پی آر ایف، جنرل مینیجر (ٹیکنیکل) ساؤتھ اور پی این ڈاکیارڈ میں ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (سپورٹ اور سروسز) شامل ہیں۔اس وقت ریئر ایڈمرل محمد حسین سیال مینیجنگ ڈائریکٹر پی این ڈاکیارڈ کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ریئر ایڈمرل محمد حسین سیال کو ان کی شاندار خدمات اور عمدہ کارکردگی کے اعتراف میں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے بھی نوازا گیا ہے۔

## اسلام آباد، کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ کا احتجاجی مظاہرہ

وہ تنازعہ کشمیر کے کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل میں اپنا کردار ادا کریں

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ نے انسانی حقوق کے عالمی دن پر اسلام آباد میں اقوام متحدہ کے دفتر کے سامنے بھارت مخالف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ کے کنوینز محمود احمد ساغر کی قیادت میں احتجاجی مظاہرے کا مقصد عالمی براد(بقیہ نمبر 11)

## سرگودھا، شوگر ملز کے باہر کھڑی گنا ٹرالی سے موٹر سائیکل نوجوان ٹکرا کر جاں بحق ہوگیا

سرگودھا( نبیل ادریس سے )شوگر ملز کے باہر کھڑی گنا ٹرالی سے موٹر سائیکل نوجوان ٹکرا کر جاں بحق ہوگیا جس کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی گئی۔ذرائع کے مطابق سرگودھا گجرات روڈ گنا سے لوڈ ٹرالیاں شوگر مل کے باہر کھڑی تھیں کہ موٹر سائیکل سوار نوجوان علی رضا سڑک پر کھڑی گنا سے لوڈ ٹرالی نے ٹکر کر شدید زخمی ہوکر جان کی بازی ہار گیا۔جس کی نعش ضروری کاروائی کے(بقیہ نمبر 25)

## بلڈنگ پلان کی خلاف ورزی، اعظم سواتی کا فارم ہاؤس سیل

فارم ہاؤسز کے مالکان نے قوانین پر عملدرآمد نہ کیا، سی ڈی اے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے تحریک انصاف کے سینیٹر اعظم سواتی سمیت چار فارم ہاؤسز سیل کر دیئے۔غیر قانونی تعمیرات پر متعدد مرتبہ جاری کئے گئے سی ڈی اے کے شوکاز نوٹسز پر عملدرآمد نہ کرنے اور سی ڈی اے کیخلاف عدالت سے حاصل کئے گئے حکم امتناعی کے خارج ہونے پر پی ٹی آئی کے سینیٹر اعظم سواتی کے فارم ہاؤس نمبر 71 سمیت 4 فارم ہاؤسز نمبر 34، 35 اور 13 کو سیل کر دیا جبکہ مجموعی طور پر 70 فارم ہاؤسز کے مالکان کو غیر قانونی تعمیرات اور بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی پر شوکاز نوٹسز جاری کر دیئے۔سی ڈی اے ذرائع کے مطابق مذکورہ چاروں فارم ہاؤسز کو غیر قانونی طور پر تہہ خانہ تعمیر کرنے اور شیڈز سمیت دیگر خلاف ورزیاں کر کے تعمیرات کرنے پر پچھلے 6 برسوں میں 4 مرتبہ نوٹسز جاری کئے گئے لیکن فارم ہاؤسز کے مالکان نے قوانین پر عملد(بقیہ نمبر 24)

## پنجاب میں بلدیاتی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات اپریل کے آخری ہفتے میں ہوں گے

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کردیا۔الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کردیا ہے جس کے مطابق صوبے میں بلدیاتی حلقہ بندیاں 16 دسمبر سے 6 جنوری تک(بقیہ نمبر 12)

## طارق شریف سمارٹ سٹی میں گوجرخان کیلئے عظیم فلاحی شاہکار منصوبے دیئے جارہے ہیں

میرا ماضی گواہ ہے کہ میں نے ماضی میں بھی اپنے علاقہ کے لیے فلاحی کام کیے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا

چیئرمین سمارٹ سٹی طارق شریف بھٹی لانچنگ تقریب میں راجہ جاوید اخلاص، چوہدری عظیم، کاروباری شخصیت راجہ عثمان اور دیگر اہم شخصیات کی شرکت

گوجرخان( قمر شہزاد سے ) تفصیلات کے مطابق دھرتی گوجرخان سپوت سماجی ، بین الاقوامی شہرت یافتہ بزنس مین چیئرمین سمارٹ سٹی طارق شریف بھٹی جو کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں انہوں نے گوجرخان کی تاریخ کے ایک عظیم فلاحی شاہکار منصوبے سمارٹ سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کا سنگ بنیاد رکھا اور تمام تر قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد اسے دور جدید کی تمام اہم سہولتوں کے ساتھ آراستہ کرنے اور اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے کوشاں ہیں یہ گوجرخان کی واحد سوسائٹی ہے جو فاٹا سے منظور ہونے کے بعد جسے باقاعدہ طور پر این او سی بھی جاری ہوگیا ہے اور اسی سلسلے میں گوجرخان طارق شریف سمارٹ سٹی کی لانچنگ تقریب کا انعقاد گوجرخان قلعہ مارکی میں ہوا جس میں ہزاروں کی تعداد میں معززین علاقہ ، سیاسی راجہ جاوید اخلاص، چوہدری عظیم، چوہدری ضیافت، راجہ غفور کیانی کاروبار(بقیہ نمبر 23)

دھرتی گوجرخان سپوت سماجی، بین الاقوامی شہرت یافتہ بزنس مین چیئرمین سمارٹ سٹی طارق شریف بھٹی جو کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں

## الزامات لگانا اور سیاسی مخالفین کا چہرہ داغدار کرنا رواج بن گیا ہے، پرویز اشرف

تحریک انصاف والوں نے استعفے دیئے ہیں لیکن لارجز میں مقیم، پاسپورٹ پر بیرون ممالک کے ویزے بھی لگواتے ہیں

پرائیویٹ طور پر آ کر ملتے ہیں ہم نے دباؤ میں استعفیٰ دیا، معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف والوں نے استعفے دیئے ہیں لیکن ابھی تک پارلیمنٹ لارجز میں مقیم ہیں، سیکرٹریٹ سے قومی اسمبلی کے پاسپورٹ پر بیرون ممالک کے ویزے بھی لگواتے ہیں، پرائیویٹ طور پر آ کر ملتے ہیں ہم نے دباؤ میں استعفیٰ دیا اور ہم یہ رہے تھے کہ ماضی کی طرح بات ختم ہوجائے گی، معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے، ان شاءاللہ پاکستان کبھی ڈیفالٹ نہیں کرے گا، الزامات لگانا اور سیاسی مخالفین کا چہرہ داغدار کرنا رواج بن گیا ہے ۔ پیپلز پارٹی کے پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سید حسن مرتضیٰ اور دیگر کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ یہاں صرف الزامات لگائے جاتے ہیں ،میڈیا ٹرائل اور کردار کشی ہوتی جاتی ہے، یہاں لیڈر شپ پر کیا کیسز بنتے رہے، محترمہ بینظیر بھٹو پر کیسز بنائے گئے اور اس کا نتیجہ کیا نکلا ۔ کوئی جماعت ایسی نہیں ہے جس پر (بقیہ نمبر 13)

کوئی اضافی چارجز نہیں — کوئی قانونی کارروائی نہیں

زائد از مدت ویزا والے غیر ملکیوں کے لئے عام رعایت

(General Amnesty for Overstaying Foreigners)

پاکستان آن لائن ویزا سسٹم (POVS) کے ذریعے درخواست دیں

اور 31 دسمبر 2022 تک 7 ایام کار کے اندر ایگزٹ پرمٹ حاصل کرکے پاکستان سے جائیں

خبردار!
- فارنرز ایکٹ 1946 کے تحت زائد از مدت ویزا والے غیرملکیوں کی سزا 3 سال قید ہے
- 31 دسمبر 2022 کے بعد ایک سال سے زائد از مدت ویزا والے غیرملکیوں کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی جائے گی اور پاکستان میں آئندہ انٹری کے لئے بلیک لسٹ کردیا جائے گا

نوٹ: بھارت اور صومالیہ کے زائد از مدت ویزا والے شہری ایگزٹ پرمٹ کی درخواست دینے کے لئے وزارتِ داخلہ کے متعلقہ سیکشن میں تشریف لائیں

For Flood Relief Updates

SMS "FUND" ON 9999 TO DONATE RUPEES 10 FOR FLOOD VICTIMS

وزارتِ داخلہ، حکومتِ پاکستان

ویب سائٹ: www.interior.gov.pk

For more information please scan

PID(I)3680-D/22

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## لاقانونیت یا معاشرتی رویہ

الکبیر ٹاؤن سے لیک سٹی مال جاتے ہوئے سامنے سے ایک کار نے یوٹرن لیا اور اگلی کار کے پیچھے کھڑی ہوگئی حیرت انگیز طور پر گرین بیلٹ جہاں پر لوہے کے بیریئر بھی لگے ہوئے تھے۔ گرین بیلٹ بس اتنی ٹوٹی ہوئی تھی یا توڑی گئی تھی ایک موٹر سائیکل گزر سکے اور اتنا ہی بیریئر بھی ٹوٹا ہوا تھا۔ جو کار یوٹرن لے کر اپنے سے اگلی سواریوں کے آگے رکی ہی تھی کہ اچانک اس ٹوٹی ہوئی گرین بیلٹ سے تیز رفتار موٹر سائیکل نمودار ہوئی اور گاڑی کے پچھلے شیشے سے بری طرح ٹکرا گئی۔ گاڑی کے پچھلے دروازے پر موٹر سائیکل کا پورا ہینڈل ڈینٹ کی شکل میں جیسے چھپ گیا ہوا اور گاڑی کا شیشہ چکنا چور ہو گیا۔ گاڑی میں فیملی بیٹھی تھی جس میں چھ سے آٹھ یا نو سال کے بچے بھی بیٹھے تھے۔ جن لوگوں کو اپنے اپنے کاموں کی جلدی تھی وہ تو نکل گئے مگر جنہیں کوئی کام نہ تھا ان کا شور وغل تھا کہ گاڑی والے جانے خود کو کیا سمجھتے ہیں۔ ہم ہکا بکا یہ سب دیکھ رہے تھے۔ حالانکہ ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے شخص کا رنگ بھی اڑا ہوا تھا۔ جس کی کوئی غلطی نہ تھی بلکہ اس کا بظاہر بہت ہی نقصان نظر آ رہا تھا۔ اس کے باوجود لوگوں کی نظر میں غلط وہی تھا جس کی گاڑی تھی۔ اس شخص کی مدد کی خاطر گاڑی والے کے ساتھ مل کر موٹر سائیکل سوار کو فوری ہسپتال پہنچایا گیا۔ چونکہ وہ بہت زخمی تھا تو اس کے ٹیسٹ وغیرہ کیے گئے جن کا خرچ کار والے نے ادا کیا۔ اس کے بعد بتایا گیا کہ جنرل ہسپتال لے جانا پڑے گا کیونکہ سر پر چوٹ بہت زیادہ لگی ہے تو سی ٹی سکین ضروری ہے۔ خیر تمام ٹیسٹ جو لکھ کر دیئے گئے تھے وہ تمام کروائے گئے۔ اتنی دیر میں معلوم ہوا کہ گارڈ نے 115 پر کال کیا جس کا مطلب یہ بتایا گیا کہ اگر پولیس آ گئی تو گاڑی والے کی تو خیر نہیں۔ گاڑی لے جائیں گے اور پھر کیسے کیسے کیس بنیں گے۔

ہماری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ گاڑی والے کا اس سب میں کیا قصور تھا۔ کھڑی گاڑی کو کسی نے جلد بازی میں ٹکر ماردی اور اس کا کتنا نقصان ہوا اس بات کی کسی کو پرواہ نہیں تھی۔ بے چارہ کار والا دم سادھے بیٹھا تھا کہ کہیں موٹر سائیکل سوار کو کچھ ہو نہ جائے۔ جب تمام رپورٹیں بالکل صحیح آئیں تو بے چارے کی سانس میں سانس آئی۔ جب موٹر سائیکل سوار کو یہ سمجھانے کی کوشش کی گئی کہ بھائی آپ کی جلد بازی کی وجہ سے آپ خود بھی کتنی تکلیف میں ہیں۔ حقیقتاً وہ بے چارہ بہت زخمی ہوا تھا۔ ابھی بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ ہسپتال کے سٹاف نے بری طرح ڈانٹ دیا کہ آپ بات ہی کیوں کر رہے ہیں۔ چونکہ موٹر سائیکل سوار غریب آدمی تھا تو اس کی مدد کرنا بھی فرض تھا۔ نہیں تو بقول ہسپتال کے سٹاف کے کہیں پولیس کے سامنے اس نے بیان دے دیا تو۔۔۔ یہ تمام واقعہ دیکھ کر حیرانگی انتہا کو پہنچ گئی۔ بتایا گیا کہ آپ کو نہیں پتہ کہ یہ پاکستان ہے یہاں قصور کسی کا بھی ہو پکڑ ہمیشہ گاڑی والے کی ہی ہوتی ہے۔ پوچھا کہ یہ کوئی قانون ہے؟ جواب ملا کہ یہاں ایسا ہی قانون ہے۔ یہ تو اللہ کا شکر تھا کہ رش بالکل نہیں تھا ورنہ ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں جو بس جذباتی ہو کر گاڑی والے کو تشدد کا نشانہ بھی بنا دیتے ہیں۔ بعض اوقات قانون کے رکھوالے آس پاس ہوں تو انہیں بھی معافی تلافی کے طور پر جرمانہ ادا کرنا پڑتا ہے۔

ظاہر ہے کہ یہ قانون تو نہیں ہے بلکہ معاشرتی رویہ ہے۔ ایسا نہیں کہ ملک میں قانون کی دھجیاں اڑائی نہیں جاتیں۔ مگر ایسا کرنے والی اکثریت انہی لوگوں کی ہے جن کی پہنچ دور تک ہے یا وہ خود قانون بنانے والے، نافذ کروانے والے یا عوام کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ عوام کی حفاظت کی ذمہ داری جن کے ہاتھ میں ہے وہ کس حد تک عام لوگوں کی پریشانیوں کا مداوا کر رہے ہیں۔ قوانین بنانے والے کس طبقے کے لیئے قانون بناتے ہیں۔ ان پر عمل کرنے والا ایک عام مڈل کلاس آدمی ہے جو بنیادی ضروریات بمشکل پوری کر پاتا ہے، بچوں کی تعلیم کے خرچ سے کمر جھکی جاتی ہے اور جب زندگی بھر کی کمائی سے گاڑی خرید ہی لیتا ہے اور کوئی جلد باز سائیکل سوار سامنے آ جائے یا موٹر سائیکل سوار ٹکرا جائے تو بلاوجہ کے خرچ سے بے چارے مڈل کلاس آدمی کی جھکی ہوئی کمر بالکل ہی ٹوٹ ہی جاتی ہے۔ اس پر بھی ایک عام متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والا شکر گزار ہوتا ہے کہ پولیس تک بات نہیں گئی ورنہ جانے کیسی مشکل سے گزرنا پڑتا۔ بچپن میں والدین سے سنتے آئے کہ ہمارے وقتوں میں پاکستان بہت بہتر تھا۔ یہی بات آج اپنی اولاد سے کہی جاتی ہے۔ معاشرتی رویہ بگاڑ کا شکار اسی قدر ہو چکا ہے کہ اب برائی، برائی نہیں لگتی۔ مغربی معاشرہ اخلاقی طور ہر جیسا بھی ہے لیکن ترقی وفلاح میں اسلامی معاشرے سے کیوں بہتر ہے۔ انہوں نے اسلام سے سیکھا کہ انصاف ہر کس وناکس کے لیے برابر ہے۔ افسوس اسلامی جمہوریہ نے اسلامی تعلیمات مدرسوں تک محدود کر دیں۔ اخلاقی برائی ایک شخص کو تباہ کرتی ہے اس کا حساب بھی اس ایک شخص سے ہوگا۔ ناانصافی، ناپ تول کی کمی، قوانین کا مذاق، دولت کی غلط اور ناجائز تقسیم، اقرباپروری جیسی اور بے شمار برائیاں پوری قوم کو تباہ کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ ملک وقوم پستی کا شکار تب ہوتے ہیں برائی ایک زندگی کا معیار بن جائے۔ لاقانونیت معاشرتی عادات واطوار میں معمول کی طرح شامل ہو جائے۔

## انسانی حقوق کا عالمی دن اور مقبوضہ کشمیر ایک کھلی جیل

راجہ ذاکر خان

انسانی حقوق کی مستند عالمی تنظیمیں مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر اپنی اپنی رپورٹس پیش کر چکی ہیں، اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کی تنظیم، جنیوا میں جینوسائٹ واچ اور ایمنسٹی انٹرنیشنل سمیت دیگر تنظیموں نے مقبوضہ کشمیر میں بڑے پیمانے پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا انکشاف کیا ہے، حتیٰ کے بعض تنظیموں نے یہاں تک لکھا کہ نریندر مودی حالات کو ایک بڑے انسانی المیے کی طرف گامزن کیے ہوئے ہے۔ اگر یہ انسانی المیہ رونما ہو گیا تو پوری دنیا کا امن متاثر ہوگا اور چار کروڑ سے زائد انسانی جانیں ضائع ہو جائیں گی انسانوں سے محبت رکھنے والی عالمی برادری اس کا نوٹس لے اور کروڑوں انسانوں کی جانوں کو بچانے کے لیے کردار ادا کرے۔

15 لاکھ قابض بھارتی فوج کالے قوانین کی آڑ میں مقبوضہ کشمیر کے اندر بدترین جنگی جرائم کی مرتکب ہو رہی ہے، جعلی مقابلوں میں نوجوانوں کو شہید کیا جا رہا ہے اور شہداء کے جسد کی بھی لواحقین کے حوالے کرنے کی بجائے دور جنگلوں میں پھینک دیے جاتے ہیں، کشمیری نوجوانوں کو گاڑیوں سے باندھ کر شہروں اور محلے میں گھمایا جاتا ہے تاکہ خوف وہراس پیدا کیا سکے۔ رات کی تاریکی میں کریک ڈاؤن کر کے خواتین بچوں اور بزرگوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے، بعض اطلاعات کے بعد سینکڑوں نوجوان خواتین کو لاپتہ کیے ہوئے ہیں۔ ہزاروں نوجوانوں کو گرفتار کر کے ہندوستان کے دور دراز ٹارچر سیلو ں میں ٹارچر کیا جا رہا ہے، ماورائے عدالت کشمیریوں کو شہید کیا جا رہا ہے۔ جیلو ں میں ٹارچر کر کے کشمیریوں کو شہید کیا جا رہا ہے۔

سکولز، کالجز اور جامعات کو مقفل کر کے نوجوانوں کو تعلیم سے محروم کیا جا رہا ہے، فلاح عام ٹرسٹ کے تحت چلنے والے سینکڑوں سکولز کالجز اور جامعات بند کر دی گئی ہیں جس کے نتیجے میں لاکھوں طلبہ وطالبات تعلیم سے محروم ہو گئے ہیں اور ہزاروں افراد بے روزگار ہو چکے ہیں۔ حتی کے اسلامی وقف کو بھی معاف نہیں کیا گیا مساجد اور مدارس اور مزارات پر قبضہ کیا جا چکا ہے۔ دین میں کھلی مداخلت کی جا رہی ہے۔ ہندوتوا سوچ اور آر ایس ایس کے ایجنڈے کی تکمیل کے لیے کشمیریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔

مقبوضہ کشمیر میں اندر نہ صرف مسلمانوں کے حقوق پامال کیے جا رہے ہیں بلکہ دیگر مذاہب کے لوگوں کے حقوق بھی بری طرح پامال کیے جا رہے ہیں۔ قابض فوجی جب چاہتے ہیں جس کے گھر چاہتے ہیں گھس کر عزت تار تار کر رہے ہیں، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے چار سال کی بچی سے لے کر 70 برس کی بزرگ خواتین کو بھی نشانہ بنایا جاتا ہے۔ جو دنیا کی بدترین انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، خواتین کو ڈھال کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

ہندوستاون نے مقبوضہ کشمیر کو ایک کھلی جیل میں تبدیل کر رکھا ہے جس میں 2 کروڑ انسان بنیادی انسانی حق سے محروم ہیں۔

## وزیراعظم تنویر الیاس نے آزاد کشمیر میں بلدیاتی انتخابات کا خواب حقیقت میں بدل دیا

شوکت علی ملک

الحمدللہ! آزاد جموں وکشمیر میں بلدیاتی انتخابات کا عمل مکمل ہوا اور نئی نسل نے مقامی سطح کے انتخابی عمل میں شریک ہو کر بنیادی جمہوری نظام سے اپنا تعلق قائم کیا۔ شکریہ جناب وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان شکریہ جناب چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ کہ آپ کی مخلصانہ کمٹمنٹ اور قول وعدے پر ڈٹے رہنے کی بدولت آزاد کشمیر کے تینوں ڈویژنز میں شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات منعقد ہوئے۔ آزاد کشمیر میں اکتیس سال بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد کہنے کو بڑا آسان لگتا ہے مگر اس کو وقوع پذیر ہونے میں وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان کی نیت اور کمٹمنٹ کا نتیجہ زیادہ ہے کہ جس کی بدولت سیکھنے اور ترقی ہوئی نئی قیادت کو بالآخر مقامی سطح پر اپنی اپنی کمیونٹی کی خدمت کا موقع مل رہا ہے۔ سردار تنویر الیاس خان جو سرکاری خزانہ سے لینے دینے کی خاص نفسیات اور ذہنیت سے اجلے ہیں اپنی اس طاقت کو اختیارات کی نچلی سطح پر عوام تک منتقلی میں کامیاب ہوتے نظر آ رہے ہیں، حالیہ بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار کے راستے موجود ہونے کے باوجود انہوں نے عدلیہ، الیکشن کمیشن اور انتظامیہ و پولیس کی مدد سے یقیناً ایک معرکہ سر کیا ہے۔ آزاد کشمیر کے عوام کو حق حکمرانی کا تحفہ دینے اور پی ٹی آئی کو آزاد کشمیر میں ایک مرتبہ پھر بھاری مینڈیٹ دلوانے پر سردار تنویر الیاس مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ان انتخابات میں دیگر محکموں کی طرح محکمہ اطلاعات نے وزیراعظم کے معاون خصوصی چوہدری رفیق نیر، سیکرٹری اطلاعات محترمہ مدحت شہزاد اور ڈائریکٹر جنرل راجہ اظہر اقبال نے وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان کی ہدایت کے مطابق شبانہ روز محنت اور بہترین لیڈرشپ سے میڈیا منیجمنٹ کی اور عوام کو بروقت درست اطلاعات کی فراہمی کو یقینی بنایا اور جھوٹے پراپیگنڈہ کا توڑ نکالتے ہوئے انتخابات کے متعلق غیر یقینی کو ختم کیا، محکمہ نے صحافیوں کی ٹریننگ سے لیکر پریس کانفرنسز کے اہتمام تک ابلاغی محاذ کو اپ ڈیٹ بنایا اور جدید خطوط پر ڈویژن سطح پر پرنٹ وڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے آگہی مہمیں چلائی۔ بلدیاتی نظام عوام کو حکمرانوں کے احتساب کا نظام مہیا کرتا ہے۔ حکمرانوں کو عوام کے سامنے جوابدہ بناتا ہے۔ بلدیاتی نظام میں ایک اہم کام فنڈز کا مناسب اور شفاف طریقے سے استعمال اور اس کی عوامی جوابدہی ہے۔ اس میں مقامی حکومتیں / باڈیز فنڈز کے شفاف خرچ اور آڈٹ کے زریعے جوابدہ ہو سکتے ہیں۔ جبکہ موجودہ حالات میں یہ فنڈز سیاسی کارکنان کو نوازنے کے خرد برد کیئے جاتے ہیں اور بدقسمتی سے ریاستی شعبہ لوکل گورنمنٹ بھی اس کرپشن کا حصہ رہا ہے۔ جب تک بلدیاتی نظام نافذ اور فعال نہیں ہوتا تب تک اس خرد برد کو نہیں روکا جا سکتا۔ بلدیاتی نظام کیا ہے۔ اس کی ابتدا کب ہوئی۔ اس نظام کو پھلنے پھولنے کیوں نہیں دیا جا رہا۔ اس نظام کے آنے سے عام عوام یا نچلی سطح کے سیاسی کارکن اور خود سیاسی پارٹیوں کو کیا فوائد ہو سکتے ہیں۔ یہ نظام کئی صدیوں سے دنیا میں رائج ہے۔ ترکی کے موجودہ صدر طیب اردگان اسلامی ممالک میں معروف ہیں 1990 کے عشرے میں بلدیاتی انتخابات سے استنبول کے میئر منتخب ہوئے۔ انڈونیشیا میں بلدیاتی اداروں سے تربیت یافتہ جوکو ویدو سربراہ مملکت کے منصب تک پہنچے۔ جبکہ برصغیر میں انگریز دور 1846 سے کچھ حد تک لوکل باڈیز نے مختلف شکلوں میں کام کیا۔ 1947 میں پاکستان اور ہندوستان کے علیحدہ ہونے کے بعد پنجاب کے ان علاقوں میں جہاں یہ نظام موجود تھا اس کو ختم کر کے تمام اختیارات ختم کر دیے گئے، ختم کی جانے والی کمیٹیوں کے ممبران اور چیئرمین کو بذریعہ الیکشن عوام منتخب کرتی اور سماجی بہبود کے 37 کاموں کو ان کمیٹیوں کے زیر انتظام کر دیا گیا جن میں سماجی بہبود، صحت، پانی، صفائی و دیگر بنیادی انفراسٹرکچر وغیرہ شامل تھے۔ ان کے ساتھ ساتھ کمیٹیاں 29 اشیاء پر ٹیکس لگانے کا بھی اختیار رکھتی تھیں، یہ سسٹم جب تک ایوب خان رہے چلتا رہا لیکن پہلی عوامی حکومت نے اپنے مفاد کی خاطر اس نظام کو ختم کر دیا۔ جنرل ضیاء الحق نے مارشل لگا کر عنان حکومت سنبھالا تو انہوں نے اس نظام کو کچھ تبدیلیوں کے ساتھ نافذ کر دیا جو اس سمت میں ایک اہم اور مثبت قدم تھا۔ جنرل ضیاء الحق کی شہادت کے بعد پاکستان میں دوبارہ بننے والی جمہوری حکومتوں نے اس نظام کا خاتمہ کر دیا۔ اس دوران جمہوری حکومتیں گزری لیکن کوئی بھی حکومت اس نظام کو دوبارہ بحال یا جاری رکھنے میں سنجیدہ نہ ہوئی۔ جنرل (ر) پرویز مشرف نے ملک میں ایمرجنسی نافذ کر کے حکومت پر قبضہ کیا تو انہوں نے اس نظام کو مزید تبدیلیوں کے ساتھ رائج کیا اب اس نظام میں چیئرمین اور وائس چیئرمین کی جگہ ناظم اور نائب ناظم نے لے لی 2001 میں نئے لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت لوکل باڈیز کے الیکشن کروائے گیا اور تمام اضلاع کو ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر اور ضلع ناظم کے حوالے کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو ضلع ناظم کے سپرد کر دیا گیا۔ پاکستان کی طرح آزاد کشمیر میں بھی بہت قلیل مدت کے لیئے بلدیاتی نظام رائج رہا ہے لیکن کبھی بھی ان کو باقاعدہ اختیارات کبھی نہیں ملے۔ 1960 میں جنرل ایوب اور 1982 میں صدر ضیاء الحق کے دور میں یہاں بریگیڈیر حیات خان نے بلدیاتی نظام متعارف کروایا۔ دوبارہ 1986 اور 1991 میں یہاں غیر جماعتی بنیادوں پر بلدیاتی الیکشن ہوئے لیکن پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت میں ایک نوٹیفیکیشن کے تحت ان ادارہ جات کو توڑ دیا اور اس وقت سے لیکر آج تک دوبارہ یہ نظام بحال نہیں ہو سکا۔ لیکن اس کے بعد اقتدار میں آنے والی جماعتیں مسلم کانفرنس، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے عوام کے ساتھ صرف وعدے کیے اور تسلیاں دیں لیکن بلدیاتی نظام کو بحال نہیں کر سکیں بلدیاتی نظام کی فعالیت اور موثر ہونے کے بہت فوائد ہیں۔ سب سے زیادہ فائدہ یہ ہوگا کہ ہر سال جو ہمارا ترقیاتی بجٹ خرچ نہ ہونے کی وجہ سے ضائع ہو جاتا ہے، یا ترقیاتی کام صرف فائلوں کی حد تک ہوتے ہیں وہ زمین پر نظر آئیں گے۔ اس نظام کے تحت ہر علاقے کی عوام کو اس علاقے کے لیے مختص شدہ بجٹ کا علم ہوگا۔

## زبدۃ الاتقیا حضرت میاں عطا محمد مچھیاروی قدس سرہٗ

لیاقت قیوم عباسی

مقبولانِ بارگاہ خداوندی کے حالات، اخلاق اور تعلیمات سے عام مسلمانوں کو عموماً اور ان حضرات کی اولاد ذریت اور متعلقین کو خصوصاً روشناس کرانا مقصود ہوتا ہے تاکہ اُن میں اتباع کا جذبہ پیدا ہو سنت الہیہٗ پر عمل کی یہ صورت بھی ہے کیونکہ سورہ طور آیت نمبر۲۱ سے صاف معلوم ہوتا ہے اللہ تعالیٰ عالم آخرت میں مومنین، صالحین کی اس اولاد کو جو ایمان کی ساتھ انکی پیروی کرنے کے ساتھ لاحق فرمائے گا لہذا بزرگوں کے ذکر خیر میں اولاد اور خاندان کا ذکر بھی آ جاتا ہے اور سیرت سوانح کے عام معمول کے مطابق ہے آیت مذکورہ کی بشارت ضمناً ان ارادتمندوں کو بھی شامل ہے جو ان حضرات کے ساتھ محبت رکھتے ہوئے انکی اتباع کریں حدیث پاک میں آتا ہے، جس سے اس مفہوم کی تائید ہوتی ہے ارشاد نبوی ہے المرء مع من احبّ انسان اسی کے ساتھ جائے گا جس کے ساتھ اس کی محبت ہوگی اس میں شک نہیں کہ مقبولان خُدا کی محبت بڑی نعمت ہے۔ لیکن اس کی بھی شرح حد ہے خدانخواستہ اگر اس سے تجاوز کیا جائے تو پھر یہی محبت موجب نقصان ہے اہل کتاب بھی محبت الٰہی کے بڑے دعویدار تھے اور کہا کرتے تھے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بیٹے اور محبوب ہیں محبت میں غفلت سے کام لیتے ہوئے انہوں نے حضرت عزیزؑ اور حضرت عیسیٰؑ کو خدا کا بیٹا کہہ ڈالا نیز وہ اس بات کے بھی دعوے دار تھے کہ حضرت ابراہیمؑ نعوذ باللہ ان کے مسلک پر تھے مگر قرآن مجید نے ان کے بلند بانگ دعوے کی پرزور تردید کی اور انہیں گمراہ اور مغضوب علیہ کہہ کر مسلمانوں کو انکی روش اور طریقہ کار سے احتراز کرنے کی تاکید فرمائی پس وہ لوگ جو اہلبیت کرام کی محبت کے دعوے دار ہیں اس پر اجارہ داری کو اپنے لئے طرہ امتیاز سمجھتے ہیں پہلے وہ ٹھنڈے دل سے غور وفکر کریں کہ انکی محبت قرآن وحدیث اور اہلبیت کرام کی سیرت وتعلیمات کے آئینہ میں کس حد تک درست ہے۔ اسی طرح بزرگان دین سے محبت وعقیدت کے دعویدار بھی اپنے کردار اور عمل پر غور کریں کہ عملی طور پر وہ کس حد تک انکی محبت کے تقاضے پورے کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے محبت خدا کے قرب کے ذرائع میں سے ہے اسکے باوجود اگر حد سے بڑھ جائے یعنی انہی نیک بندوں کو معبود بنایا جائے یا ان کو مستقل تصرف کرنے والے سمجھ لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ انکی شرکت کے بغیر جہاں کا انتظام نہیں چلا سکتا جیسے سلاطین و امراء اپنے نائبین حکام کے بغیر سلطنت کا انتظام نہیں چلا سکتے ان کی بات ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں تو یہی محبت موجب شرک ہو جائے گی اور وہی محبت مشرک اور ناقابل مغفرت ہو جائے گی۔ لہذا جب اہلبیت ومقبولانِ خدا صاحب اعتدال اور صراط مستقیم پر قائم رہنے والوں کے لیے مفید موجب کمال ہوتی لیکن افراط وتفریط کرنے والے دونوں فریق منجملہ گمراہ ہوئے اس کے بعد یہ مضمون ایک عظیم المرتبت محترم ومحتشم ولی کامل آسمان زہد وتقویٰ کے ماہتاب حضرت میاں عطا محمد مچھیاروی رحمتہ اللہ علیہ کے حریم ناز میں محبت وعقیدت وارادات کا ہدیہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرنے کو کوشش وکاوش کی ہے گرقبول افتد عز وشرف باشد بالا شالی علاقہ جات میں شہر مظفرآباد کو شاہان سلطنت نے اپنی آماجگاہ بنایا ہے۔ وہاں سب سے پہلے اس سرزمین کو اولیائے کاملین کے قدوم ہائے مبارک کو چومنے کا شرف حاصل کیا ہے۔ سلطان مظفر خان کے عہد میں حضرت سید شاہ محمد غوثؒ لاہوری، حضرت قاضی مکین و دیگر علماء ومشائخ وسادات کرام نے اس طرف تشریف لانے کی کوشش فرمائی۔ آگے ان کی اولاد نے اس شہر میں مستقل سکونت اختیار کی۔ 1890-1980 کے لگ بھگ مشہور مجذوب خدا مست حضرت سید سائیں سخی سہیلی سرکارؒ اور عباسیہ خاندان کے چشم و چراغ حضرت میاں عطا محمد مچھیارویؒ اکٹھے مظفرآباد میں رونق افروز ہوئے روایت مشہور ہے کہ حضرت سائیں سخی سہیلی سرکارؒ اپنے دل کے اندر عشق الٰہی کا تندور گرم کیئے ہوئے براستہ ہزارہ کشمیر کی جانب رواں دواں تھے چونکہ ان کے ظاہری وباطنی احوال سے اہل ظواہر بے خبر تھے۔ جس شہر میں سہیلی سرکار تشریف فرما ہوئے کسی چیز کی فرمائش فرماتے۔ بروقت خواہش پوری نہ ہونے پر انکے منہ سے ایک ہی جملہ نکلتا ابھی تک چیز میسر نہیں ہوئی بس یہ کہنا ہوتا تو آگ لگ جاتی ایسا ہی مانسرہ یا گڑھی حبیب اللہ کے مقام پر واقعہ پیش آیا وہاں پر میاں عطا محمد مچھیارویؒ تشریف فرما تھے آواز دی او سائیں صاحب کیوں سب کچھ جلا رہے ہو آؤ کشمیر چلتے ہیں بس وہاں سے چل پڑے یہ دونوں حضرات اکٹھے مظفرآباد آ گئے اور میاں عطا محمد مچھیارویؒ علاقہ مچھیارہ میں چلے گئے۔ حضرت میاں عطا محمد مچھیارویؒ کا نام ونسب: عہد حاضر کے نوجوان محقق محمد ریاض عباسی کی تحقیق کے مطابق غوث زمان آفتاب ولایت، آفتاب شریعت پیشوائے کاملین حضرت میاں عطا محمد مچھیارویؒ برصغیر پاک وہند کے اکابر صوفیاء کرام کی صف میں شامل ہیں۔ آپؒ کا تعلق عربی النسل خاندان قریش بنو ہاشم عباسی کی تنولی شاخ سے تھا آپ کے آباؤ اجداد کا تعلق ابیٹ آباد کے علاقہ تنول سے تھا جو بعد ازاں مچھیارہ آ کر آباد ہوئے۔ والد گرامی کا نام نامی حضرت مولانا احمد جی تھا بحوالہ تاریخ عباسیہ جلد اول ص ۳۲۲ اور جلد دوم ۴۰۹ مصنف ریاض الرحمٰن ساغر کے مطابق حضرت میاں عطا محمد مچھیاروی بن حضرت مولانا احمد جی بن فتح محمد خان بن حاتم خان کا سلسلہ نسب مختلف واسطوں سے کشمیر مری اور پاکستان کے اندر رہنے والے عباسیوں کی تمام شاخوں کے جدِ اعلیٰ سردار اکبر گاہی خان مدفون درانکوٹ کھوٹہ کے فرزند ثانی تنولی خان سے جا ملتا ہے۔ تحقیق القریش ۲۳۷ء: پھر تنولی خان بن اکبر گاہی خان بن سردار ضراب خان کے بعد اپنے روح اقبال کو چھوتے ہوئے محترم ومعزز خاندان قریش بنو ہاشم کے چشم و چراغ عم رسول مکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ والہ وسلم جناب حضرت عباسؓ سے جا ملتا ہے اس اعتبار سے آپ کا خاندان ونسب کوئی محتاج تعارف نہیں ہے۔ علم الدنی، علم انساب، بہادری، سپاہ گری، فصاحت و بلاغت، خوبصورتی اور سخاوت خاندان قریش کے بنو ہاشم کا خاص طرہ امتیاز ہے لہذا اس خاندان سے نکلتی ہوئی ہر شاخ عباسیہ کے پاس بھی ایسی خصوصیات بدرجہ اتم موجود ہیں جو عطیہ خُداوندی ہیں حضرت میاں عطا محمد مچھیارویؒ کے علاوہ ان کی اولاد میں بھی اخلاق حمیدہ صبر وقناعت، تسلیم ورضا بہادری، دلیری، محنت وجفاکشی اور سب سے بڑھ کر قادر مطلق اللہ رب العزت سے تعلق خاص اور حب رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم عبادت، ریاضت اس خاندان کا طرہ امتیاز ہے۔ حضرت میاں عطا محمد مچھیارویؒ کے زہد وتقویٰ عبدیت کا اثر انکی اولاد میں بھی جاری وساری ہے اتنے دور افتادہ اور بلند مقام پر شبانہ روز خلق خُدا کی تعلیم وتربیت کلیدی اور خلافت میں ہمہ وقت مصروف ہیں دنیائے دوں اور مادیت کے عروج کے باوجود اُنہوں نے اتنے دور افتادہ مقام سے دنیاوی سہولتوں کے حصول کی خاطر کبھی شہروں کی طرف نقل مکانی کا رادہ نہیں کیا جبکہ اپنے جدامجد کے مزار پر انوار کے گردنواح میں ہی سرد وگرام دوری ونزدیکی اور غربت وامارات کی فکر سے بے نیاز ایام زندگی گزارے ہیں۔ ولادت آپ کی ولادت کی تاریخ اندازاً 1838ء کے لگ بھگ ہے۔ تعلیم وتربیت: آپ کی ابتدائی تعلیم کے مراحل اپنے والدین کی نگرانی میں طے ہوئے آثار ولایت آپ کی ذات مین بچپن سے ہی ہویدا تھے آپ کی خاندانی روایات کے مطابق آپ کے عہد شباب میں حضرت خضر علیہ السلام سے بھی ملاقات ہوئی۔ اسطرح باطنی فیض حضرت خضر علیہ السلام کے ذریعے آپ کو تفویض ہوا ابتدائی تعلیم کے بعد آپ کے والد گرامی نے مزید حصول تعلیم کے لیے ضلع ہزارہ کی مشہور دینی درسگاہ جو گڑھی حبیب اللہ کے مقام پر تھی روانہ کر دیا وہاں پر ایک انتہائی قابل قدر ہستی غوث زماں قطب رواں صاحب کشف ومراحات عالم بے بدل سید آل رسول المعروف حضرت قبلہ شاہ صاحب کے حضور زانوئے تلمذ طے کیئے حضرت شاہ صاحب جیسی نابغہ روزگار صاحب روحانیت وکمالات سے معمور ہستی نے آپ کی تعلیم و تربیت میں کوئی کسر اٹھا نہ چھوڑی اور آپ کے وجود کے اندر ولایت آثار نمایاں دیکھ کر آپ کی ایسی علمی روحانی اور اخلاقی تربیت اور راہنمائی فرمائی کہ آپ ظاہری اور باطنی کمالات سے مالا مال ہو گئے حضرت میاں صاحب عمر کے ابتدائی سالوں ہی میں جملہ علوم عقلی ونقلی، علوم قرآن وحدیث، عربی، فارسی، فقہہ، ومنطق کی تکمیل کر لی تھی فراغت کے بعد اسی درسگاہ میں ہی بطور مدرس فرائض سرانجام دیتے رہے۔ تکمیل سلوک اور خرقہ خلافتحضرت مچھیارویؒ حضرت شاہ صاحب کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کر کے انہی کی زیر نگرانی سلوک و تصوف کی جملہ منازل طے کیں اور فیوضیات، روحانیت سے مالا مال ہو کر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں حضرت شاہ صاحب سے خرقہ خلافت سے سرفراز ہوئے یہ روایت بھی ہے کہ دوران تدریس اور حصول خلافت کے مشہور زمانہ خُدا مست مجذوب حضرت سید سائیں سخی سہیلی سرکارؒ سے اکثر و بیشتر ملاقاتیں ہوتی رہتی تھی۔ روایات کے مطابق حضرت سید سائیں سخی سہیلی سرکارؒ جب جلالی کیفیت میں ہوتے جدھر توجہ کرتے آگ لگ جاتی تھی ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سید سائیں سخی سہیلی سرکارؒ محلے کے کسی شخص کی غلط بات پر جلال میں آ گئے۔



## یوٹیوبر اذلان شاہ کا اہلیہ کو منفرد تحفہ

### اذلان شاہ نے بیگم کی پسند کا خیال رکھتے ہوئے انہیں ایک عدد بچھیرا (گدھے کا بچہ) تحفہ دیا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف یوٹیوبر اذلان شاہ نے شادی کے موقع پر اپنی اہلیہ کو منفرد تحفہ دے دیا۔ اذلان شاہ کی شادی سوشل میڈیا انفلوئنسر ڈاکٹر وریشہ جاوید خان کے ساتھ انجام پائی ہے، اس موقع پر انہوں نے اپنی بیگم کی پسند کا خیال رکھتے ہوئے انہیں ایک عدد بچھیرا (گدھے کا بچہ) تحفہ دیا ہے۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی تصاویر شیئر کرتے ہوئے اذلان شاہ نے لکھا کہ میں جانتا ہوں کہ میری اہلیہ کو گدھے کے بچوں سے بہت پیار ہے۔

## سلمان فیصل نے اہلیہ پر والدہ صبا فیصل کے الزامات پر خاموشی توڑ دی

### والدہ بھی ان کی ہیں اور نیہا بھی ان کی اہلیہ ہیں، ان کے خلاف سوچ سمجھ کر بولیں

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ صبا فیصل کے صاحبزادے سلمان فیصل نے والدہ کی جانب سے اہلیہ پر سنگین الزامات عائد کیے جانے پر خاموشی توڑتے ہوئے لوگوں کو کہا ہے کہ ان کی اہلیہ کے حوالے سے غلط باتیں نہ کی جائیں۔ سلمان فیصل کی والدہ صبا فیصل نے ایک روز قبل بہو نیہا ملک پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے بہو اور بیٹے سے لاتعلقی کا اظہار کیا تھا۔ صبا فیصل نے واضح کیا تھا کہ اب ان کا اور پورے خاندان کا ان کے بیٹے سلمان سے کوئی تعلق نہیں۔ صبا فیصل نے بہو نیہا ملک پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا تھا کہ جس بھی گھر میں نیہا ملک جیسی عورت جاتی ہے تو وہ گھر جہنم بن جاتا ہے۔ مختصر دورانیے کی ویڈیو میں اگرچہ صبا فیصل نے بہو پر الزام لگایا تھا کہ ان جیسی خواتین گھروں کو جہنم بناتی ہیں، تاہم انہوں نے اپنی بہو کی جانب سے اٹھائے گئے۔

## فلم بلیک ایڈم نے منافع کمایا، نقصان کی اطلاعات غلط ہیں، ڈوائن جانسن

### اس فلم نے 52 سے 72 ملین امریکی ڈالر کے درمیان منافع کمایا ہے، ڈوائن جانسن



نیویارک (این این آئی) ہالی ووڈ سپر ہیرو فلم بلیک ایڈم میں مرکزی کردار ادا کرنے والے مشہور اداکار ڈوائن جانسن نے ان اطلاعات پر اپنے ردعمل کا اظہار کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ فلم کے ڈسٹری بیوٹر وارنر برادرز کو بڑے پیمانے پر نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس صورتحال پر ڈوائن جانسن نے فلم کے منافع کے حوالے سے اعداد وشمار بتاتے ہوئے کہا کہ نقصان کی اطلاعات غلط ہیں، حقیقت یہ ہے کہ فلم نے منافع کمایا ہے۔ گو کہ انہوں نے شکوک پیدا کرنے والی رپورٹس پر براہ راست کچھ نہیں کہا لیکن اپنے ٹوئیٹس کے ذریعے ان اطلاعات کی نفی کی۔

## استاد راحت فتح علی خان نے زندگی کی 48 بہاریں دیکھ لیں

### راحت فتح علی خان اب تک کئی ڈراموں اور فلموں کے ٹائٹل سونگ بھی گا چکے ہیں

فیصل آباد (این این آئی) سروں کے سلطان، عالمی شہرت یافتہ گائیک استاد راحت فتح علی خان 48 برس کے ہو گئے۔ راحت فتح علی خان 9 دسمبر 1974 کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے اور ان کو والد فرخ فتح علی خان اور نصرت فتح علی خان کے ساتھ بچپن سے ہی قوالی کی تربیت حاصل کرنے کا موقع ملا۔ وہ اب تک سیکڑوں قوالیاں گیت اور غزلیں گا چکے ہیں اور ان کے گائے گیت اور غزلیں عوام میں بے حد مقبول ہیں۔ پاکستان بھر میں ان کی شہرت کے بعد ہمسایہ ملک بھارت نے بھی ان کی آواز سے فائدہ اٹھایا، بھارتی فلم پاپ میں ان کی آواز میں گایا گیت ’’من کی لگن‘‘ نے بے پناہ شہرت حاصل کی۔

## ایسی تقریبات میں نہیں جاتا جہاں دکھاوا کرنا پڑے، رندیپ ہودا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار رندیپ ہودا کا کہنا ہے کہ میں زیادہ تر ایسی تقریبات میں نہیں جاتا جہاں آپ کو یہ دکھاوا کرنا پڑتا ہے کہ آپ بہت خوش کن شخصیت کے مالک ہیں جبکہ اصل میں آپ کی زندگی بہت خراب ہے۔ حال ہی میں انہوں نے بھارتی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ میں نے زندگی میں کوئی بھی ایوارڈ جیتے ہیں اور میں اس کی کوئی خاص پرواہ بھی نہیں کرتا۔ رندیپ کا کہنا تھا کہ ایوارڈ تو دوسرے لوگوں کا آپ کے متعلق خیال ہے۔

## اداکار سدھارتھ ملہوترا اور اداکارہ کیارا ایڈوانی کی شادی فکس ہوگئی

### دونوں نے اپنی شادی کی جگہ کو حتمی شکل دے دی اور انکی شادی چندی گڑھ میں ہوگی

نئی دہلی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار سدھارتھ ملہوترا اور اداکارہ کیارا ایڈوانی کی شادی فکس ہوگئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سدھارتھ ملہوترا اور کیارا ایڈوانی کی جلد شادی کی افواہیں گزشتہ چند روز سے زیر گردش ہیں اور اب یہ خبر آئی ہے کہ دونوں نے اپنی شادی کی جگہ کو حتمی شکل دے دی اور انکی شادی چندی گڑھ میں ہو گی۔ رپورٹس کے مطابق سدھارتھ ملہوترا اور کیارا ایڈوانی کی شادی پہلے گوا میں ہونا تھی تاہم اب اوبرائے سکھ ولاز چندی گڑھ میں شادی کو حتمی طور پر طے کر لیا گیا ہے۔

## شہزادہ ہیری اور میگھن کی زندگی پر مبنی ڈاکیو سیریز نیٹ فلکس پر ریلیز کر دی گئی

### جو معلومات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ امید بھی پیدا کرے، ہیری، میگھن

نیویارک (این این آئی) شہزادہ ہیری اور میگھن کی زندگی پر مبنی ڈاکیو سیریز نیٹ فلکس پر ریلیز کر دی گئی ہے۔ 6 اقساط پر مشتمل ڈاکیو سیریز کی پہلی تین اقساط نیٹ فلکس پر جاری کی گئی ہیں جس میں ہیری اور میگھن کے انٹرویوز کے علاوہ ان کے قریبی دوستوں، اہل خانہ اور تاریخ دانوں کے انٹرویوز اور شاہی خاندان کی آرکائیو فوٹیج شامل کی گئی ہیں۔ نیٹ فلکس کی جانب سے شہزادے ہیری اور میگھن کو ڈاکیو سیریز کیلئے 88 ملین پاؤنڈ (100 ملین ڈالرز) کی ادائگی کی گئی ہے۔ شاہی خاندان سے علیحگی کے بعد جوڑے نے نیٹ فلکس اور اسپاٹی فائی سمیت مختلف اداروں کے ساتھ کئی منافع بخش معاہدوں پر دستخط کیے جن میں پینگوئن رینڈم ہاؤس کے ساتھ شہزادے ہیری کی تین کتابوں کا معاہدہ بھی شامل ہے۔



## ایک ہی دن میں 3 فیصلے غلط، علیم ڈار ٹوئٹر پر ٹرینڈ کرنے لگے

### امپائر علیم ڈار دنیا بھر میں اپنے صحیح فیصلوں کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، رپورٹ

ملتان (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان کھیلے جا رہے دوسرے ٹیسٹ میں پاکستانی امپائر علیم ڈار کے تین فیصلے غلط ثابت ہوئے جس کے بعد وہ ٹوئٹر پر ٹرینڈ کرنے لگے۔ امپائر علیم ڈار دنیا بھر میں اپنے صحیح فیصلوں کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، ان کے بارے میں کہا جاتا ہے علیم ڈار کے فیصلوں کو چیلنج کرنا انتہائی مشکل ہے تاہم اس سے کچھ مختلف ہوا۔ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں پاک انگلینڈ میچ کے پہلے سیشن میں ابرار احمد کی شاندار بولنگ نے انگلش ٹیم کے سات کھلاڑی پویلین لوٹا دیئے تاہم ابرار کی 3 گیندوں پر جب بولر اور پاکستانی ٹیم کی جانب سے آؤٹ کی اپیل کی گئی تو علیم ڈار نے ناٹ آؤٹ قرار دیا، کپتان بابر اعظم نے ریویو لیا تو پتہ چلا کھلاڑی آؤٹ تھا، یہ ایک بار نہیں بلکہ اس میچ میں تین بار ہوا۔ ایسے میں علیم ڈار ٹوئٹر پر ٹرینڈ کرنے لگے اور لوگوں نے ان پر ڈھیروں میمز بنا ڈالیں، اس کے علاوہ کچھ لوگوں نے تبصرے بھی کیے۔ ایک ٹوئٹر صارف نے حیرانی والا ایموجی استعمال کرتے ہوئے لکھا کہ یہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے؟ علیم ڈار کے فیصلے غلط اور بابر کے ریویوز صحیح ہو رہے ہیں۔ فرید خان نے کہا کہ علیم ڈار کو ایک ہی اوور میں دو مرتبہ اپنے فیصلے تبدیل کرنا پڑے، میں نے بہت کچھ دیکھ لیا زندگی میں۔ سحرش نامی صارف نے کہا کہ علیم ڈار کے ایک ہی اوور میں دوبار فیصلہ تبدیل کرنے کے بعد اب ریٹائر ہونے کا کیا کنارہ گیا ہے؟ اب ایلین ہمارے سیارے پر آئیں گے۔ ایک اور صارف نے کہا کہ علیم ڈار گزشتہ شب سوئے نہیں، عجیب چیزیں ہو رہی ہیں۔ صبا نے اپنی ٹوئٹ میں کہا کہ یہ پاکستان کے لیے اچھی صبح ہے تاہم علیم ڈار کے لیے صدمے والی صبح ہے۔

## گیند چمکانے کیلئے میرے سر پر کیوں رگڑی؟ جیک لیچ کا موقف سامنے آ گیا

### سچ کہوں تو مجھے پتا ہی نہیں تھا کیا ہو رہا ہے، ٹوئٹر پر ویڈیو دیکھ کر مجھے معلوم ہوا، انگلینڈ کے سپنر کی گفتگو

ملتان (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے اسپن بولر جیک لیچ نے پاکستان کے خلاف ٹیسٹ میچ میں گیند چمکانے کے لیے اپنے سر کو استعمال کرنے پر ردعمل دیدیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جیک لیچ نے کہا کہ سچ کہوں تو مجھے پتا ہی نہیں تھا کہ کیا ہو رہا ہے، ٹوئٹر پر ویڈیو دیکھ کر مجھے معلوم ہوا۔ جیک لیچ نے کہا کہ کپتان بین اسٹوکس مجھ سے فیلڈنگ سے متعلق بات کر رہے تھے اور جو روٹ میرے سر پر گیند رگڑ رہا تھا جو مجھے معلوم نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کے لیے جو بھی اچھا ہو میں اس سے خوش ہوں، شاید میں اس بات پر بھی غور کروں کہ ریورس سوئنگ کے لیے بال کتنے لمبے ہونے چاہئیں۔ انگلش بولر نے کہا کہ شاید ہم اس حوالے سے ٹریننگ میں بات کریں۔ واضح رہے کہ راولپنڈی ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن 72 ویں اوور کے اختتام پر انگلش بیٹر جو روٹ نے اپنی ہی ٹیم کے اسپن بولر جیک لیچ جو کہ دھوپ سے بچنے کے لیے کیپ پہنے ہوئے تھے۔

## پہلے ہی میچ میں 5 شکار کر کے ریکارڈ بنا دیا

### زیک کرولی 19، بین ڈکٹ 63، اولی پوپ 60، جو روٹ 8، ہیری بروک 9 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے

ملتان (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف ڈیبیو کرنے والے پاکستانی اسپن بولر ابرار احمد نے اپنے پہلے ہی میچ میں پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کر کے ریکارڈ بنا دیا۔ پاکستان کی طرف سے اسپن بولر ابرار احمد نے ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں پہلا انٹرنیشنل ٹیسٹ میچ کھیلا، ابرار احمد کو ہیڈ کوچ ثقلین مشتاق نے ٹیسٹ کیپ دی۔ ملتان میں جاری ٹیسٹ میچ میں ابرار احمد نے اپنے پہلے اوور کی پانچویں گیند پر انگلینڈ کے اوپنر زیک کرولی کو بولڈ کیا۔ ابرار احمد نے پہلے روز وقفے سے پہلے انگلش ٹیم کے 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، زیک کرولی 19، بین ڈکٹ 63، اولی پوپ 60، جو روٹ 8، ہیری بروک 9 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

### بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپین شپ کی تیاریاں جاری

اسلام آباد (این این آئی) بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپین شپ کی تیاریاں عروج پر جاری ہیں، اور یہ چیمپین شپ اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے 12 دسمبر اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ چیف آرگنائزر سابق کوچ ڈیوس کپ فضل سبحان نے بتایا کہ چیمپین شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چیمپین شپ میں ملک بھر سے تین سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

### ساتویں پی ٹی بی ایف ٹین پن باؤلنگ رننگ چیمپئن شپ 25 دسمبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام اور سندھ ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے تعاون سے ساتویں پی ٹی بی ایف ٹین پن باؤلنگ رننگ چیمپئن شپ 25 دسمبر سے کراچی میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز سندھ ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے صدر علیم آغا نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ میں 8 کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مردوں کے سنگلز، ڈبلز، ٹیم ایونٹ، خواتین سنگلز، انجپور، ڈیف، انٹر سکول اور انٹر یونیورسٹی کے مقابلے شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے کھلاڑیوں کے لئے رجسٹریشن شروع کر دی گئی ہے اور ایونٹ میں شرکت کی خواہش مند کھلاڑی 20 دسمبر تک رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ ایونٹ کی اختتامی تقریب 30 دسمبر کو ہوگی جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے کھلاڑیوں کے لئے رجسٹریشن شروع کر دی گئی ہے اور ایونٹ میں شرکت کی خواہش مند کھلاڑی 20 دسمبر تک رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ ایونٹ کی اختتامی تقریب 30 دسمبر کو ہوگی۔

## کرسٹیانو رونالڈو نے ٹیم چھوڑنے کی دھمکی نہیں دی

### ایک ٹیم جو خواب کے لیے آخر تک لڑے گی، ہمارے ساتھ یقین رکھیں، کرسٹیانو رونالڈو کا بھی ردعمل

دوحہ (این این آئی) پرتگال کے کپتان کرسٹیانو رونالڈو کو فیفا ورلڈ کپ کا ایک میچ نہ کھلانے کا فیصلہ کئی دنوں بعد اب بھی خبروں کی زینت بنا ہوا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پرتگال کے ایک اخبار نے اس حوالے سے لکھا تھا کہ کرسٹیانو رونالڈو نے ٹیم کے ہیڈ کوچ فرنانڈو سینٹوز کے ساتھ گفتگو میں ٹیم کو چھوڑنے پر غور کیا تھا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کئی جگہ رپورٹ کیا گیا ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو نے سوئٹزرلینڈ کے خلاف میچ میں نہ کھلانے کے فیصلے پر پرتگال ٹیم کے اسکواڈ کو چھوڑنے کی دھمکی دی تھی۔ پرتگال کے اخبار کے اس دعوے کے بعد اب کرسٹیانو رونالڈو نے سوشل میڈیا کے ذریعے اس حوالے سے اپنا ردعمل دے دیا ہے۔

## بابر نے ایشیا کپ میں ہی بتا دیا تھا میں ٹی 20 ورلڈکپ کی ٹیم میں نہیں ہوں گا، شعیب ملک

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار آل راؤنڈر شعیب ملک نے انکشاف کیا ہے کہ کپتان بابر اعظم نے ایشیا کپ میں ہی مجھ پر واضح کر دیا تھا میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ اسکواڈ میں شامل نہیں ہوں گا۔ ایک انٹرویو میں شعیب ملک نے اپنے اور بابر کے تعلق سے متعلق بات کرتے ہوئے بتایا کہ ہم دونوں کے تعلقات بالکل ٹھیک ہیں۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ مجھے بابر نے ایشیا کپ میں یہ بولا تھا کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں جو ٹیم جائے گی وہ ایشیا کپ والی ہی جائے گی، اس کی طرف سے بات چیت ہوتی رہی، ہم دونوں کا تعلق اچھا ہے۔ شعیب ملک نے کہا کہ میں ہمیشہ سے اسے اپنا چھوٹا بھائی سمجھتا ہوں، جب جب اسے ضرورت پڑے، چاہے گرومنگ ہو یا کوئی مشورہ، میں ہمیشہ سے اس کے لیے موجود ہوں اور رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایسا نہیں ہوں کہ کسی وجہ سے ٹیم میں نہیں آیا۔

### بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپین شپ 12 دسمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ کے تعاون سے بے نظیر بھٹو شہید نیشنل ٹینس چیمپین شپ 12 دسمبر سے اسلام آباد ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ چیف آرگنائزر سابق کوچ ڈیوس کپ فضل سبحان نے بتایا کہ چیمپین شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چیمپین شپ میں ملک بھر سے تین سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپین شپ میں تیرہ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز اینڈ ڈبلز، لیڈیز سنگلز، بوائز انڈر 18، سینئر ڈبلز 45 پلس، سینئر ڈبلز 60 پلس اور اوپن میڈیا کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔

## ملتان ٹیسٹ، قومی ٹیم میں تین، انگلینڈ سکواڈ میں ایک تبدیلی

### ابرار احمد کا ڈیبیو، فہیم اشرف اور محمد نواز بھی پلیئنگ الیون کا حصہ بن گئے

ملتان (این این آئی) ملتان میں جاری دوسرے ٹیسٹ میچ کے لئے پاکستانی ٹیم میں تین اور انگلینڈ ٹیم میں ایک تبدیلی کی گئی۔ پاکستان کی جانب سے اسپنر ابرار احمد نے ڈیبیو کیا جبکہ نسیم شاہ اور اظہر علی کی جگہ فہیم اشرف اور محمد نواز کو پلیئنگ الیون کا حصہ بنایا گیا۔ جبکہ اسکواڈ کے دیگر کھلاڑیوں میں کپتان بابر اعظم، امام الحق، عبداللہ شفیق، سعود شکیل، محمد رضوان، آغا سلمان، زاہد محمود اور محمد علی شامل ہیں۔ جبکہ انگلینڈ نے بھی میچ کے لیے ٹیم میں ایک تبدیلی کی اور انجری کا شکار لیام لیونگسٹن کی جگہ فاسٹ بالر مارک وڈ کو ٹیم میں شامل کیا گیا۔ انگلینڈ سکواڈ کے دیگر کھلاڑیوں میں بین اسٹوکس (کپتان)، ایک کرالی، بین ڈکٹ، اولی پوپ، جو روٹ، ہیری بروک، ول جیکس، اولی رابنسن، جیک لیچ اور جیمز اینڈرسن شامل ہیں۔

**بقیہ 1**

جوانوں کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے امن مشن میں فرائض سرانجام دینے کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ پاک فوج کے جوانوں اور قوم کے ان شہدا کو بھی سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جانوں کے نذرانے پیش کیے۔

**بقیہ 2**

سے اپنے پیغام میں کہا کہ کشمیر میں جاری مسلمانوں پر ظلم وستم پر اقوام متحدہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں، اقوام متحدہ کی قراردادیں اور کشمیری عوام کی منشا پر من وعن عمل کروایا جائے۔ دنیا کے 33ویں بڑے ملک پاکستان میں بھی سیاسی مافیا نے بنیادی انسانی حقوق سلب کر رکھے ہیں، انسانی حقوق کی آزادی ایک طرف، فاشسٹ حکومت نے حقوق کی بربادی کے ریکارڈ قائم کر دیئے ہیں۔ آج بولنے اور لکھنے کی آزادی سے محروم طبقہ کی آواز اٹھانے کا دن ہے، میڈیا پر لگائی قدغن اور سیاسی جماعتوں کے کارکنوں پر ظلم کیخلاف آواز اٹھانے کا دن ہے۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ 180 ممالک کی فہرست میں پاکستانی میڈیا 157نمبر پر آچکا ہے، 139ممالک کی فہرست میں ہماری عدلیہ 130ویں نمبر پر آچکی ہے، ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل رپورٹ کے مطابق پاکستان کے کرپٹ اداروں میں عدلیہ تیسرے نمبر پر ہے، تحقیقاتی صحافت کرنیوالے صحافیوں کو گولیوں سے چھلنی کیا جاتا ہے، ارشد شریف قتل کیس بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی بدترین مثال ہے۔ ترجمان پنجاب حکومت نے کہا کہ ریاستی ظلم وجبر کی مثال اعظم سواتی کیخلاف آئے روز مقدمات کی تعداد بڑھتی جارہی ہے، ایوان بالا کے رکن پر سچ بولنے کی پاداش میں آدھے درجن سے زائد مقدمات درج کروائے جاچکے ہیں، سینیٹر اعظم سواتی کو بلوچستان ہائیکورٹ نے رہا کیا تو سندھ پولیس اٹھا کر لے گئی، بزرگ شہری کو بیوی اور بچوں کے سامنے زدوکوب کرنا کس ملک کا آئین اجازت دیتا ہے؟ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ راستوں میں گاڑیاں روک کر بندوق کی نوک پر اٹھایا جاتا ہے، سیاسی ورکرز شہباز گل کو ننگا کر کے بہیمانہ تشدد کیا جاتا ہے، ملک میں آئین کی بالادستی کی جنگ حقیقی آزادی تک جاری رہے گی۔

**بقیہ 3**

کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید انسانی حقوق کی علمبردار تھیں، ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کے آئین میں انسانی حقوق کی ضمانت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلزپارٹی جب بھی اقتدار میں آئی انسانی حقوق کو یقینی بنایا ہے۔

**بقیہ 4**

پور میں میٹا کے ایشیا پیسفک ہیڈکوارٹر سے ٹویٹر پر ایک ویڈیو پوسٹ کی۔ ویڈیو میں بلاول نے کہا کہ میں میٹا کا دورہ کرنے پر بہت خوش ہوں اور میٹا کی ٹیم کا شکرگزار ہوں جو میری میزبانی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میٹا نے پاکستانیوں کے لیے اسٹار مونیٹائزیشن کا فیچر شروع کر دیا ہے، جس کے بعد فیس بک پر مواد تخلیق کرنے والے افراد پیسہ کما سکیں گے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ میں میٹا کا شکرگزار ہوں جو پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہا ہے اور پاکستانیوں کو مواقع فراہم کر رہا ہے، میٹا نوجوانوں کی تعلیم اور خواتین کے آن لائن کاروبار کے فروغ میں مدد دے رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میٹا پہلے بھی کووڈ 19 اور سیلاب کے مواقعوں پر پاکستان کے ساتھ کام کرتا رہا ہے اور امید ہے کہ یہ اشتراک جاری رہے گا۔

**بقیہ 5**

ودیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے رکن پنجاب اسمبلی سردار اویس احمد خان لغاری نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک خاص طور پر پنجاب کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

**بقیہ 6**

رلیمنٹ کو اعتماد میں لیے بغیر پاکستان تحریک انصاف کے کل عدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کیساتھ مذاکرات کی پالیسی کے پیچھے تحقیقات کے لیے پالیمانی کمیٹی بنائی جائے۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے سینیٹر رضا ربانی نے مطالبہ کیا کہ پچھلی حکومت نے ٹی ٹی پی پالیسی پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا، پی ٹی آئی حکومت کے اقدام سے متعلق اور قومی سلامتی کو لاحق خطرات کا حل تلاش کرنے کے لیے پارلیمانی انکوائری کرائی جائے۔ پیپلز پارٹی رہنما نے کہا کہ مشترکہ اجلاس بلا کر دونوں ایوانوں سے مساوی نمائندگی کی بنیاد پر 8رکنی کمیٹی کا انتخاب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کی جائے اور اس کے قوانین میں ترمیم بھی کی جائے۔ سینیٹر میں پیش کی گئی نیکٹا رپورٹ پر بات کرتے ہوئے سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیے بغیر قومی سلامتی کی پالیسی کے فیصلے ملک کے لیے تباہی کا باعث بنے۔ انہوں نے کہا کہ نیکٹا کے مطابق پی ٹی آئی کی جانب سے کل عدم جماعت تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ مذاکرات کرنے سے طالبان کی حوصلہ افزائی ہوئی جس کی وجہ سے ملک میں دہشت گرد سرگرمیوں میں اضافہ ہوا۔

**بقیہ 7**

سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور سیاستدانوں کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی، میرے خلاف تو ہائی جیکنگ کا کیس بھی بنا گیا تھا، بتائیں کون سی ہائی جیکنگ کی ہے؟ نواز شریف نے کہا کہ ہم وہ ہیں جنہوں نے پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا اور موٹرویز بنائیں، بجلی کے منصوبے لگائے، پاکستان کی خدمت کی، عمران خان کسی ایک منصوبے کا نام لیں جس کی بنیاد رکھی ہو اور پایہ تکمیل تک پہنچایا ہو۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ ایک شخص خود کرپشن میں ڈوبا ہے اور دوسروں پر الزام لگا رہا ہے، عمران خان اور شہزاد اکبر کو شرم آنی چاہیے، عمران خان پر الزامات نہیں بلکہ ثابت شدہ کرپشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے 50،50 ارب کی کرپشن کی ہے بلین ٹری اور القادر ٹرسٹ کی تفصیلات سامنے آئیں تو رونگٹے کھڑے ہوجائیں گے۔ نواز شریف نے کہا کہ ہمیں مفت میں جلاوطنی اور جیلیں بھگتنا پڑیں، اللہ نے ہمیں ہر جگہ سرخرو کیا، یہ جن کو کرپٹ کہتے ہیں ان کو لندن میں عدالتیں سرٹیفکیٹ دے رہی ہیں۔ قائد ن لیگ نے کہا کہ عمران خان نے خیبر پختونخوا میں ایک میٹرو بنائی اور اربوں کا خرچہ کیا گیا، اس پر نیب کیس بھی بن گیا، پاکستان میں عمران خان کے خلاف انکوائریاں چل رہی ہیں، پاکستان میں انکوائریوں کا کام ڈھیلا ڈھالا ہوتا ہے ہفتے کا کام دو سال پر چلا جاتا ہے، عمران خان کی گرفتاری کا دن بھی جلد آئے گا۔

**بقیہ 8**

حسن نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے آئین پاکستان میں تمام بنیادی انسانی حقوق کو یقینی بنایا، آئین پاکستان کے 20 آرٹیکل (8 سے 28 تک) بنیادی حقوق پر مشتمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان ہر شہری کے انسانی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، پیپلزپارٹی نے ہمیشہ انسانی حقوق کا علم اونچا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سیاست کے مقصد اور منشور کی بنیاد ہی انسانی حقوق پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کے عالمی دن پر دنیا کو مقبوضہ کشمیر میں ہونیوالی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو نہیں بھولنا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کے بنیادی انسانی حقوق کی ہر روز دھجیاں بکھیری جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی دنیا کی مجرمانہ خاموشی افسوسناک ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر دنیا کو مظلوم قوموں کے ساتھ ہونے والے ظلم وجبر کا نوٹس لینا چاہیے۔

**بقیہ 9**

کی نجکاری کا فیصلہ واپس لے تاکہ غریب اور متوسط طلبا معیاری اور سستی تعلیم کے حق سے محروم نہ ہوسکیں۔

**بقیہ 10**

948 کو انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ بے شک ایک سنگ میل تھا لیکن کشمیریوں کے انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں مسلسل جاری ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ کہ انسانی حقوق کے عالمی اعلامئے میں درج 30 بنیادی انسانی حقوق میں سے ایک بھی مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کو میسر نہیں ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی قابض فورسز گزشتہ 7 دہائیوں سے مقبوضہ علاقے میں انسانی حقوق کے عالمی اعلامیے کی خلاف ورزی کر رہی ہیں اور حق خودارادیت کا مطالبہ کرنے والے ہر کشمیری کو عمر جنس کا لحاظ کیے بغیر بے رحمانہ طریقے سے قتل، گرفتار، ہراساں کر رہی اور تذلیل کا نشانہ بنا رہی ہیں۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی متواتر کارروائیوں میں جنوری 1989 سے اب تک 96ہزار 1سو56 بے گناہ کشمیریوں کو شہید کیا ہے جن میں سے 7ہزار 2سو75 کو زیر حراست اور جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ان شہادتوں کے نتیجے میں 22ہزار 9سو52 خواتین بیوہ اور 1لاکھ 7ہزار 8سو87 بچے یتیم ہوئے۔ بھارتی فوجیوں نے اس عرصے کے دوران 11ہزار 2سو 56 خواتین کی بے حرمتی کی اور 1لاکھ 10ہزار 4سو95 رہائشی مکانات اور دیگر عمارتوں کو نقصان پہنچایا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بھارتی فوجیوں اور پولیس اہلکاروں نے اس عرصے کے دوران 8ہزار سے زائد کشمیریوں کو دوران حراست میں لاپتہ کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فوجیوں کی طرف سے چلائے گئے پیلٹ چھروں سے سکول جانے والے ہزاروں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں زخمی بھی ہوئے جب کہ پیلٹ لگنے سے 19 ماہ کی حبہ جان، دس سالہ آصف احمد شیخ، سولہ سالہ عاقب ظہور، سترہ سالہ الفت حمید، سترہ سالہ بلال احمد بٹ، انشاء مشتاق، انیس سالہ طارق احمد گوجری اور انیس سالہ فیضان اشرف تانترے سمیت درجنوں لڑکے لڑکیاں اپنی بینائی سے محروم ہوگئے۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ بھارتی فوجیوں نے صرف رواں سال کے دوران کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما الطاف احمد شاہ سمیت 207 کشمیریوں کو شہید کیا ہے، فوجیوں نے بیشتر افراد کو محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران جعلی مقابلوں اور حراست کے دوران شہید کیا۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی ہے کہ 5اگست 2019 کو نریندر مودی کی زیر قیادت فسطائی بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت کی منسوخی کے بعد سے 13 خواتین سمیت 723 کشمیریوں کو شہید کیا گیا، جن میں سے 151 کو جعلی مقابلوں اور حراست میں شہید کیا گیا، فوجیوں نے اس عرصے میں رہائشی مکانات میں گھس کر 126 خواتین کی بے حرمتی کی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قابض حکام نے اس عرصے کے دوران لوگوں کو محرم اور عید میلاد النبی ﷺ جیسے مذہبی اجتماعات اور جلوسوں کی اجازت نہیں دی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم بٹ، محمد یاسین ملک، شبیر احمد شاہ، آسیہ اندرابی، نعیم احمد خان، فہمیدہ صوفی، ناہیدہ نسرین، ایاز محمد اکبر، پیر سیف اللہ، راجہ معراج الدین کلوال، شاہد الاسلام، فاروق احمد ڈار، سید شاہد یوسف، سید شکیل یوسف، غلام محمد بٹ اور انسانی حقوق کے محافظ خرم پرویز اپنے خلاف درج جعلی مقدمات میں نئی دہلی کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل میں نظر بند ہیں۔ حریت رہنما ڈاکٹر عبدالحمید فیاض، مشتاق الاسلام، مولوی بشیر احمد، ظفر اکبر بٹ، محمد شریف سرتاج مولانا مشتاق احمد ویری، عبدالرشید داؤدی، محمد یوسف میر، محمد یوسف فلاحی، محمد رفیق گنائی، حیات احمد بٹ، فیروز احمد خان، ڈاکٹر محمد قاسم فکتو، غلام محمد بٹ، انسانی حقوق کے کارکن محمد احسن اونتو اور صحافی، آصف سلطان کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت مقبوضہ جموں وکشمیر اور بھارت کی مختلف جیلوں میں بند ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قابض حکام نے کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق کو 05اگست 2019 سے گھر میں نظر بند کر رکھا ہے اور انہیں اپنی سیاسی سرگرمیوں اور نماز جمعہ ادا کرنے کی اجازت نہیں دی جارہی ہے۔

**بقیہ 11**

ری کی توجہ بھارتی فوجیوں کی طرف سے جموں وکشمیر میں بیگناہ لوگوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کی طرف مبذول کرانا تھا۔ حریت رہنماؤں نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کی جانب سے 1948 میں آج کے دن سے انسانی حقوق کے عالمی اعلامیہ کو منظور کیا گیا تھا جس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا تھا کہ دنیا کی تمام قومیں بلا تفریق مذہب ونسل انسانی حقوق کی پاسداری کریں گی لیکن بھارت مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین پامالی کر رہا ہے حالانکہ اس نے اعلامیہ پر دستخط بھی کر رکھے ہیں۔ حریت رہنماؤں نے کہا کہ بھارتی فوجیوں کو کالے قوانین کے تحت بے لگام اختیارات حاصل ہیں اور وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانیت کے خلاف سنگین جرائم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کشمیریوں کی جاری تحریک آزادی کو دبانے کے لیے تمام وحشیانہ حربے استعمال کر رہی ہے لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگی اور کشمیری عوام اپنی تحریک آزادی کو ہر قیمت پر منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔ حریت رہنماؤں نے افسوس کا اظہار کیا کہ بھارت مقبوضہ جموں وکشمیر کی مسلم اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کے لیے کشمیریوں کی نسل کشی سمیت ہر ظالمانہ حربے استعمال کر رہا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارت کی طرف سے جاری دہشت گردی اور تشدد کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور علاقے میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک خصوصی نمائندہ مقرر کرے۔ حریت رہنماؤں نے اقوام متحدہ کے دفتر میں ایک یادداشت بھی پیش کی۔ عالمی ادارے کے سیکرٹری جنرل کے نام یادداشت میں ان پر زور دیا گیا کہ وہ تنازعہ کشمیر کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل میں اپنا کردار ادا کریں۔

**بقیہ 12**

کی جائیں گی۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست 7 جنوری کو شائع کی جائے گی، 9 جنوری سے 23 جنوری تک ابتدائی حلقہ بندیوں پر اعتراضات دائر کئے جاسکیں گے، الیکشن کمیشن حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست 12 فروری کو جاری کرے گا۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات اپریل کے آخری ہفتے میں ہوں گے، قوانین میں تبدیلی کے باعث پنجاب میں بلدیاتی حلقہ بندیاں تیسری دفعہ کررہے ہیں۔

**بقیہ 13**

کیس نہیں بنے، یہ رویہ ہے کہ مخالفین کے چہرے داغدار کر دو الزامات کی بارش کر دیں، یہاں کیس بعد میں رجسٹرڈ ہوتا ہے تفتیش بعد میں ہوتی ہے لیکن میڈیا ٹرائل اور عدالتیں پہلے لگ جاتی ہیں اور جس پر الزام لگایا جاتا ہے وہ بدنام ہو جاتا ہے، پانچ سال بعد عدالت کہتی ہے آپ کو باعزت بری کیا جاتا ہے تو بتائیں اس وقت تک کیا عزت رہ جاتی ہے۔ پاکستان کی سیاست میں ایک شخص بتا دیں جس کی الزامات نہیں ہیں، یہ ایک رواج بن گیا ہے کہ دوسرے کو اتنا برا کہو کہ اپنا چہرہ چمک اٹھے دوسرے کا چہرہ داغدار کرو، سب نے اس گلی میں گزرنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بہت الزامات لگائے، اگر ملک نے ترقی کرنی ہے تو سیاسی استحکام ناگزیر ہے، خدمت کی سیاست عوام کی خدمت کرنی ہے تو اس گند کھیل سے باہر نکلنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ 2002ء کے بعد یہ اچھی سوچ تھی کہ ہر اسمبلی مدت پوری کرے، اس سے پہلے اسمبلی وقت سے پہلے رخصت ہوجاتی تھیں اور سارا نظام ہل رہا تھا، آپ کوئی منصوبہ بندی ہی نہیں کر سکتے تھے۔ موجودہ اسمبلیوں کی مدت اگست میں پوری ہوتی ہے اس میں کتنا وقت رہ گیا ہے، اگر اسمبلیاں مدت پوری کرتی ہیں تو یہ اگلی اسمبلیوں کے لیے اچھا ہوگا۔ انہوں نے تحریک انصاف کے اراکین کے استعفوں کی منظوری کے حوالے سے کہا کہ ان کے استعفے آئے لیکن یہ ابھی تک پارلیمنٹ لارجز میں مقیم ہیں، پاسپورٹ استعمال کرتے ہیں، اسمبلی سیکرٹریٹ استعمال کرتے ہیں، باہر جانے کے لئے ویزے لگواتے ہیں، پھر مجھے نجی طور پر آ کر کہتے ہیں کہ ہم نے دباؤ میں استعفیٰ لکھا تھا، ہم سمجھتے تھے ایسے ہی ایک دباؤ ہے اور ماضی کی طرح بات ختم ہو جائے گی۔ اگر کوئی شخص میرے سامنے بیٹھ کر بھی استعفیٰ لکھا لیکن مجھے فون آجائے کہ یہ بڑا مجبور ہو کر لکھ رہا ہے تو قانون مجھے کہتا ہے کہ استعفیٰ منظور نہیں کرنا۔ انہوں نے کہا کہ میں حکومت کا حصہ نہیں ہوں پارلیمان ہوں، مولانا فضل الرحمان بڑے لیڈر ہیں، وہ سیاست کو بہتر سمجھتے ہیں انہوں نے جو بات کی ہے وہ کچھ سوچ کر کی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ثبت بات ہے کہ اسحاق ڈار صدر عارف علوی سے ملتے ہیں، رابطے منقطع نہیں ہو سکتے، ہماری کوئی دشمنیاں نہیں ہیں، یہ ہم سب کا ملک ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ یہ ملک کسی ایک جماعت شخص یا گروہ کا نہیں بائیس کروڑ عوام کا ملک ہے، میری بھی خواہش ہے کہ ملک میں استحکام ہو، ملک میں جب تک استحکام نہیں آئے گا ملک ترقی نہیں کر سکتا، کوئی بھی ملک غیر یقینی کی صورت میں ترقی نہیں کر سکتا، سیاسی استحکام معاشی استحکام ہے، ہر جماعت اس ملک کی جامعت ہے سب ملک سے پیار کرتے ہیں، دست وگریبان ہونے کی بجائے ملک کا سوچنا چاہیے، اگر کسی کے پاس کوئی تجاویز ہے کسی مشکل کا حل ہے تو اس کو سامنے رکھنا چاہیے اور صرف تنقید کرنا اور کسی کی تضحیک کرنا مقصود نہیں ہونا چاہیے، گالی گلوچ سے معاملات خراب تو ہو سکتے ہیں ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے ملک کے ڈیفالٹ کی نہج پر پہنچنے کے سوال کے جواب میں کہا کہ اللہ نہ کرے اس طرح کے الفاظ ادا کرنا بھی کفر ہے، ملک میں اگر آپ غیر یقینی کی صورتحال پیدا کر دیں، لوگوں کے اعتماد کو گزند پہنچائیں گے یہ ملک دشمنی ہے، پاکستان کبھی ڈیفالٹ نہیں کرے گا، مشکلات کس ملک کے اوپر نہیں آتیں، ہر ملک نے کسی نے کسی دور میں مشکلات کا سامنا کیا ہے، ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ ہاتھ پاؤں چھوڑ کر بیٹھ جائیں، یہ بائیس کروڑ لوگوں کا ملک ہے اس کو اللہ تعالیٰ نے ہر طرح کے وسائل سے نوازا ہوا ہے۔ یہ طے ہے کہ جب تک استحکام نہیں آئے گا ملک ترقی نہیں کر سکتا ہے، ایک دوسرے سے دست وگریبان ہونے کی بجائے ملک کا سوچنا ہوگا۔ حسن مرتضیٰ نے کہا کہ میں پنجاب اسمبلی میں اپنی پارٹی کی نمائندگی کر رہا ہوں، میں ہر وقت چاہتا ہوں تبدیلی ہوجائے لیکن آئینی وقانونی طریقے سے ہو۔ اگر ایسا ہوا تو پیپلزپارٹی اس میں اپنا کردار ادا کرے گی۔

**بقیہ 14**

وں کے مابین گلے شکوے دور کئے گئے اور ایک بار پھر متحد ہو کر اپنی جماعت کا کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ نومبر 2020 میں اس وقت کے ترجمان جمعیت علمائے اسلام (ف) حافظ حسین احمد نے مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے جلسے سے متنازع خطاب سے اختلاف کرتے ہوئے اسے ان کا ذاتی بیان قرار دے کر لاتعلقی کا اظہار کیا تھا۔ جس پر انہیں پارٹی ترجمانی سے معطل کر دیا گیا تھا۔ حافظ حسین احمد سمیت دیگر 4 رہنماؤں کو پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی پر شوکاز نوٹس بھی جاری کیا گیا تھا تاہم دسمبر 2020 میں ان چاروں رہنماؤں کو پارٹی پالیسی کی مسلسل خلاف ورزی پر پارٹی سے نکال دیا گیا تھا۔

**بقیہ 15**

تھا۔ اس مسئلے کے حل کے لئے تمام ٹریڈ چیمبر زاور ایسوسی ایشنز (خصوصی طور پر راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری) نے ایف پی سی سی آئی کا بھر پور ساتھ دیا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر سلیمان چاولہ نے کہا کہ ڈیڑھ ماہ سے ایف پی سی سی آئی نے بھرپور انداز میں اس مسئلے کو تمام فورمز پر اٹھایا تھا۔ سابق صدر ایف پی سی سی آئی و چیئرمین (بزنس مین پینل گروپ) بی ایم پی میاں انجم نثار نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی اور بی ایم پی ہمیشہ قومی اور معاشی اہمیت کے مسائل پر اپنی آواز اٹھاتے رہیں گے۔ سویابین کے کنسائنمنٹس کو کلیئر کرنے کے حکومتی فیصلے پر پولٹری ایسوسی ایشن اور ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن نے ایف پی سی سی آئی اور بی ایم پی قیادت کا شکریہ ادا کیا ہے۔

**بقیہ 16**

بھی کا مطالبہ کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ضلع بارہمولہ کے قصبے سوپور کے علاقے بوہری پورہ کا رہائشی طالب علم مسرور عباس میر جمعرات کو لاپتہ ہوگیا تھا۔ وہ جمعرات کو صبح 8 بجے اپنے ہاسٹل سے اسکول کے لیے نکلا تھا لیکن وہاں نہیں پہنچا۔ دسویں جماعت کے طالب علم مسرور عباس میر کے اہلخانہ اور رشتہ داروں نے سری نگر میں ایک زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ مسرور کا پتہ لگانے اور اسکی بحفاظت واپسی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں۔ اہل خانہ نے متعلقہ تھانے میں اپنے پیارے کی گمشدگی کی رپورٹ بھی درج کرائی ہے۔

**بقیہ 17**

امریکا کے مطابق صحافی ارشد شریف کی ایکی چالیس تصاویر حاصل کی ہیں جو نیروبی میں پوسٹ مارٹم کے دوران لی گئیں۔ ہائی ریزولوشن پکچرز کے سائنسی تجزیے کے بعد امریکی ماہرین نے بتایا کہ مقتول صحافی پر موت سے قبل کسی طرح کے تشدد کے شواہد نہیں ملتے۔

**بقیہ 18**

نسانی حقوق کے عالمی دن پر دنیا کی توجہ کشمیر کی طرف دلانا ہوگی، انسانی حقوق کی دھجیاں اڑانے والے بھارت کو عالمی یوم انسانی حقوق منانے کا کوئی حق نہیں، کشمیریوں کو اظہار رائے، مذہبی رسومات سے محروم رکھنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے یہ انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو نے کہا کہ دین اسلام بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کا حقیقی ضامن ہے، دین اسلام نے عورتوں، بچوں، بزرگوں کے حقوق واضح کئے ہیں، بدقسمتی سے دنیا میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کے عالمی دن پر دنیا کی توجہ کشمیر کی طرف دلانا ہو گی، انسانی حقوق کی دھجیاں اڑانے والے بھارت کو عالمی یوم انسانی حقوق منانے کا کوئی حق نہیں۔ ڈاکٹر مہرین بھٹو نے کہا کہ کشمیر میں بھارت کا غیر قانونی محاصرہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، انسانی حقوق کے عالمی چیمپئن کشمیر کی صورتحال پر چپ سادھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری اور قوانین کے رکھوالے بھارت کے غاصبانہ قبضے کا نوٹس لیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیر میں انسانی حقوق اور عالمی قوانین کی دھجیاں اڑا رہا ہے، کشمیریوں پر پیلٹ گنز کا استعمال بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ ڈاکٹر مہرین بھٹو نے کہا کہ بھارتی فوج کا کشمیری خواتین سے ریپ کا بطور جنگی ہتھیار استعمال انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، کشمیریوں کو اظہار رائے، مذہبی رسومات سے محروم رکھنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ اپنے پیغام نے انہوں نے کہا کہ امید ہے مہذب دنیا انسانی حقوق کے عالمی دن پر بھارت کی بھرپور مذمت کرے گی، امید ہے دنیا عالمی انسانی حقوق پر بھارتی اقدامات کے خلاف آواز اٹھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی بربریت کی مزمت نہ کرنے والے ممالک کو عالمی یوم انسانی حقوق نہیں منانا چاہیے۔

**بقیہ 19**

ل کشمیریوں کو شہید کر چکی ہے، ہزاروں خواتین اب تک بیوہ ہو چکی ہیں، ہزاروں کی تعداد میں کشمیری بچے یتیم ہو چکے ہیں۔ مشال ملک نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر دنیا کی سب بڑی جیل ہے، بھارتی فوج مقبوضہ کشمیر میں کیمیکل ہتھیاروں کا استعمال کر رہی ہے، دنیا کو سمجھنا ہوگا کہ مسئلہ کشمیر کے حل بغیر دنیا میں امن ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کر رہا ہے اور کشمیریوں سے ان کی زمین چھینی جا رہی ہے، کشمیریوں کو معاشی طور پر کمزور کیا گیا ہے۔

**بقیہ 20**

کاروں نے پولیس کارروائی کے بعد لاش مردہ خانہ منتقل کر دی۔

**بقیہ 21**

ہونے والے چاروں دہشتگرد، دہشتگردی کے متعدد مقدمات میں مطلوب تھے۔ ہلاک شدہ دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا گیا۔ ہلاک ہونے والے دہشتگردوں میں تین کا تعلق پشاور کے علاقہ بڈھ بیر جبکہ ایک کا افغانستان سے ہے۔

**بقیہ 22**

یڈوالس بکنگ ہو چکی ہے، اور گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ معاہدے کیلئے فوری طور پر کہیں ایل این جی دستیاب نہیں۔ حکام نے بتایا کہ کوشش ہے جن کمپنیوں کے پاس ایل این جی ہے ان سے کارگو خریدا جائے اور دو کارگو خریدنے کی کوشش کی جائے گی۔ حکام وزارت پیٹرولیم نے کہا کہ جاپان یا سنگاپور سے اضافی کارگوز ملنے کی امید ہے، اسپارٹ کارگوز مارکیٹ سے 12 ڈالر مہنگے ملیں گے، قلت کے باعث سردیوں میں لوڈ مینجمنٹ پر عملدرآمد چیلنج رہے گا۔

**بقیہ 23**

ی تخصیت اسلام آباد پراپرٹی ڈیلر راجہ عثمان اف جیرورتیال، اور دیگر کاروباری شخصیات اور صحافی برادری نے شرکت کی اس پروقار تقریب میں شعبہ تعلیم وتدریس اور صحت سے وابستہ اہم شخصیات نے بھی اپنی نمائندگی کرتے ہوئے اس جدید نوعیت کے شاہکار منصوبہ کو اس دھرتی کے لیے عظیم تحفہ قرار دیا بین الاقوامی شہرت یافتہ بزنس مین طارق شریف بھٹی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سمارٹ سٹی میں دس کنال اراضی اسپیشل افراد کے لیے مختص کردی ہے جس پر سپورٹس اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمپلیکس قائم کریں گے میڈیکل کالجز و دیگر تعلیمی اداروں سے علاقہ کے نوجوان علم کی روشنی سے بہرامند ہوں گے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہسپتال کشمیر، راولپنڈی چکوال گوجرخان کے لوگوں کے لیے علاج معالجہ کا ایک بہترین مرکز ہوگا متوسط طبقہ، کم آمدن والے شہریوں کے لئے بھی پالیسی کا اعلان کریں گے گوجرخان میں ایک نیا شہر آباد کریں گے جہاں پر وہ تمام سہولیات فراہم کریں گے جس کے لیے ہمارے لوگوں کو دیگر شہروں میں جانا پڑتا تھا انہوں نے کہا کہ جس بھی منصوبے کے لیے جوجگہ مختص ہوئی ہے وہ وہی پر ہی تعمیر ہو گا اس میں بعد میں کوئی ردوبدل نہیں کی جائے جب تک میری زندگی ہے میں اپنا کردار نبھاؤں گا میرے بعد میری آنے والی نسلیں ان عظیم الشان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گی گزشتہ روز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انکے تاریخی الفاظ تھے اس موقع پر پروفیسر محمد رفیق غونجا نے اسمارٹ سٹی کے حوالے سے پروجیکٹر کے ذریعے لوگوں کو بریفنگ دی جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سمیرا عرفان حمید نے سرانجام دیئے جبکہ کہ جنرل) ر (وقار احمد، جنرل ) ر ( عمران مجید اور عاطف کیانی نے بھی خطاب کیا سمیرا عرفان حمید نے کہا کہ طارق شریف بھٹی سمارٹ سٹی فلاحی حوالے سے جو منصوبے دے رہے ہیں وہ ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے پروفیسر ڈاکٹر محمد رفیق غونجا نے سمارٹ سٹی کو گوجرخان کے لوگوں کے لئے تحفہ قرار دیا اور کہا کہ یہ جدید نوعیت کا شاہکار منصوبہ ہے جو کہ طارق شریف بھٹی اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے جس کے ثمرات ہمارے گوجرخان کے باسیوں کو ملیں گے جنرل ر وقار احمد نے کہا کہ سمارٹ سٹی میں میڈیکل کالجز کا قیام خوش آئند ہے پنجاب کی بڑی تحصیل کے طالب علم یہاں سے میڈیکل تعلیم حاصل کریں گے اس موقع پر جنرل) ر( عمران مجید نے سمارٹ سٹی کو جدید سہولیات سے مزین ایک خوبصورت مثالی منصوبہ قرار دیا تقریب سے طارق شریف بھٹی نے خطاب میں کہا کہ وہ مختلف برانڈز، کاروبار متعارف کرانے جارہے ہیں، سمارٹ سٹی میں تجارتی مراکز قائم کریں گے، یہ منصوبہ ترقی کی جانب ایک اہم قدم ہوگا انہوں نے کہا کہ بیرون ممالک میں کاروبار کیا لیکن میرا مشن گوجرخان کے لوگوں کی خدمت کرنا ہے اور میرا ماضی گواہ ہے کہ میں نے ماضی میں بھی اپنے علاقہ میں فلاحی کام کئے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا اختتام پر عاطف کیانی نے بتایا کہ طارق شریف بھٹی نے جس طرح سپیشل افراد کے لیے خاص طور پر سپورٹس اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمپلیکس بنانے کا اعلان کیا ہے اس سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی ہے اور یہ اسپیشل افراد کے لیے بہت بڑی مسرت کی بات ہے انہوں نے طارق شریف بھٹی کے جذبات کی قدر کرتے ہوئے انہیں گوجرخان کا فخر قرار دیا

**بقیہ 24**

رآمد نہ کیا جس پر انہیں سولہ نومبر کو بھی شوکاز نوٹس جاری کیا گیا تھا۔ اعظم سواتی نے سی ڈی اے کے نوٹس کیخلاف عدالت سے حکم امتناعی حاصل کیا جبکہ اس دوران سینیٹر اعظم سواتی نے سینٹ کی قائمہ کمیٹی کو بھی درخواست دی کہ وہ ان کے کیس پر سی ڈی اے سے رپورٹ طلب کریں جس پر کمیٹی نے سی ڈی اے سے رپورٹ طلب کی تو کمیٹی کو معلوم ہوا کہ فارم ہاؤس کا کیس عدالت میں زیر سماعت ہے تو کمیٹی نے اس پر مزید کارروائی سے انکار کر دیا تھا۔ بعدازاں جمعہ 9 دسمبر کو عدالت سے بھی حکم امتناعی خارج ہو گیا جس پر سی ڈی اے کے شعبہ بلڈنگ کنٹرول سیل نے شعبہ انفورسمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں کے ہمراہ فارم ہاؤسز کو سیل کیا اور وہاں تعینات سکیورٹی گارڈز کو بھی ہٹا دیا۔ سی ڈی اے نے چاروں فارم ہاؤسز کے مرکزی دروازوں پر سیل کا نوٹس بھی چسپاں کر دیا ہے۔ اس بارے میں سی ڈی اے کے ایک سینئر آفیسر نے بتایا کہ سیل کئے گئے چاروں فارم ہاؤسز میں لوگ مقیم نہیں۔

**بقیہ 25**

بعد ورثا کے سپرد کردی گئی۔

**بقیہ 26**

ہے اور نہ ہی راولاکوٹ پونچھ ڈویژن اور مظفرآباد ڈویژن کے نرسنگ کالج کے قیام کو ختم کیا ہے۔ ترجمان محکمہ صحت عامہ آزاد کشمیر کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق ڈائریکٹر جنرل صحت عامہ آزاد کشمیر ڈاکٹر سردار آفتاب حسین نے ایک بیان میں کہا کہ نرسز کی ریاست آزاد جموں وکشمیر میں ابھی تک کمی ہے اس کی کمی کو پورا کرنے کیلئے محکمہ صحت عامہ نے نرسنگ کالج میر پور میں 50 سیٹوں کو بڑھا کر 100 کر دیا اور 25 محکمانہ ملازمین پوسٹ آراین نرسنگ کیلئے مختص کی ہیں۔ جو ہر ضلع دوبعنی ہر ضلع کے بڑے ہسپتال سے ایک ایک نرس کو نامزد کیا جاتا ہے جن کو تحت ضابطہ متعلقہ ہسپتال نامزدگی اور این او سی کے لیے تحریک کرتا ہے۔ مزید نرسز کی کمی کو پورا کرنے کے لیے مظفر آباد اور پونچھ میں نرسنگ کالجز کے قیام کیلئے پہلے سے پی سی ون تحریک کیے ہوئے ہیں۔ پرائیویٹ محی الدین میڈیکل کالج میر پور نے نرسنگ کی ڈگری کلاسز کے اجراء کیلئے پرائیویٹ حد تک کام شروع کیا ہوا ہے جو ایک پرائیویٹ سیٹ اپ ہے جس کا محکمہ صحت عامہ حکومت آزاد کشمیر سے کوئی لینا دینا نہ ہے۔ اور نہ ہی نرسز کی سیٹیں منتقل ہوئی اور نہ ہی کسی بھی پرائیویٹ ادارے کو حکومت آزاد کشمیر محکمہ صحت عامہ نے کروڑوں روپے منتقل کیے۔ نرسنگ کے پرائیویٹ ادارے پورے ملک میں اپنی ذاتی حیثیت میں کام کرتے ہیں۔ محکمہ صحت عامہ کو نرسنگ کالج مظفر آباد اور پونچھ کے قیام کے لیے فنڈ زدر کار ہیں جو پی سی ون کے ذریعے حکومت کو ارسال کیے ہوئے ہیں ریاست آزاد جموں و کشمیر میں تقریبا 1500 نرسز کی ضرورت ہے اور اس کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ہی مظفر آباد اور راولاکوٹ پونچھ میں نرسنگ کالجز کے قیام کے لیے محکمہ صحت عامہ نے تحریک کی۔ عوام کو منفی پروپیگنڈے اور خلاف حقائق بے بنیاد سرگرمیوں میں الجھانے کے بجائے مثبت اصلاحات کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور مزید تعاون اور کردار ادا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

**بقیہ 27**

ساعت اسسٹنٹ ڈائریکٹر امتیاز چیمہ اور انسپکٹر احسان اعظم نے پراسیکیوشن کے الزام کو غلط قرار دیا۔ اس موقع پر دونوں گواہوں نے بھی بیان حلفی عدالت میں جمع کرا دیا جس میں کہا گیا کہ ہمارے سامنے منشیات برآمد گی نہیں ہوئی۔ انسداد منشیات کی خصوصی عدالت نے ساعت میں پندرہ منٹ کا وقفہ کیا جس کے بعد منشیات اسمگلنگ کیس میں رانا ثنا اللہ کی بریت کی درخواست منظور کرتے ہوئے خصوصی عدالت نے رانا ثنا اللہ کو بری کر دیا۔ عدالت نے دیگر شریک تمام ملزمان کو بھی بری کر دیا۔ رانا ثنا اللہ کی جانب سے دائر کی گئی بریت کی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ان کے خلاف مقدمہ جھوٹ پر مبنی اور من گھڑت ہے۔ اس میں مزید کہا گیا کہ ان کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمہ درج کیا گیا، درخواست میں پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کے ایک بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سابق وزیر نے واضح طور پر کہا تھا کہ یہ مقدمہ عمران خان کی حکومت کے کہنے پر درج نہیں کیا گیا بلکہ ملک کی باثر شخصیات نے ان کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ وفاقی وزیر نے عدالت سے استدعا کی کہ مساوات اور انصاف کی بنیاد پر انہیں سے بری کیا جائے۔ قبل ازیں عدالت میں وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ سمیت دیگر ملزمان نے پیش ہو کر حاضری مکمل کروائی۔ عدالت نے پراسیکیوشن کو رانا ثنا اللہ کے بنک اکاؤنٹس کھولنے کی متفرق درخواست پر جواب جمع کروانے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے دیگر متفرق درخواستوں پر بھی اے این ایف کو جواب جمع کروانے ہدایت کی اور ساعت کچھ دیر کے لئے ملتوی کر دی۔ جس کے بعد عدالت نے رانا ثنا اللہ کو عدالت سے جانے کی اجازت دے دی تھی۔ خیال رہے کہ گزشتہ دور حکومت میں جولائی 2019 میں رانا ثنا اللہ کو لاہور کی انسداد منشیات فورس نے گرفتار کیا تھا جب وہ فیصل آباد سے لاہور راول ٹول پلازہ کے قریب موٹروے پر سفر کر رہے تھے۔ انسداد منشیات فورس نے دعوی کیا تھا کہ ان کی گاڑی سے 15 کلو ہیروئن برآمد ہوئی ہے، جس کے بعد انسداد منشیات ٹیم نے پاکستان مسلم لیگ رہنما کے سیکورٹی گارڈ اور ڈرائیور سمیت 5 افراد کو گرفتار کیا تھا، ٹرائل کورٹ نے انہیں دو بار ضمانت دینے سے انکار کر دیا تھا تاہم 24 ستمبر 2019 کو لاہور ہائی کورٹ نے منشیات برآمدگی کیس میں گرفتار مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثنا اللہ کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے ان کی رہائی کا حکم دیا تھا۔ انسداد منشیات فورس کی جانب سے درج ایف آئی آر میں کہا گیا کہ رانا ثنا اللہ مبینہ طور پر منشیات کی اسمگلنگ اور ہیروئن لے جانے کے الزام میں نامزد ہیں۔

**بقیہ 28**

شہروں میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا جبکہ مختلف سرکاری ونجی اداروں، سماجی حقوق کی تنظیموں کے زیر اہتمام آگاہی واکس کا بھی انعقاد کیا گیا۔ اس دن یونیورسل ڈیکلریشن آن ہیومن رائٹس کو اقوام متحدہ نے عملی جامہ پہنایا لیکن 74 سال گزرنے کے باوجود کروڑوں افراد بنیادی حقوق اور آزادی سے محروم ہیں جس میں مقبوضہ کشمیر کی آبادی سرفہرست ہے جو بھارتی ظلم اور جبر کا سات دہائیوں سے سامنا کر رہی ہے۔ ایک طرف بھارت نے مقبوضہ کشمیر کو دنیا کی سب سے بڑی جیل بنادیا تو دوسری طرف بھارت کے مختلف ریاستوں میں ہندوانتہا پسند اور آر ایس ایس جبری مذہبی تبدیلیوں، مذہبی مقامات کے تقدس کی پامالی اور ان کو منہدم کرنے جیسے واقعات میں ملوث ہے۔ بھارت میں مذہبی آزادی کا گلا ہندوانتہا پسند حکومت کے ہاتھوں کئی برسوں سے گھونٹا جارہا ہے۔ بھارتی پارلیمنٹ نے 2019 میں متنازع سٹیزن ترمیمی ایکٹ پاس کیا جس کے مطابق کئی دہائیوں سے بھارت میں مقیم مسلمان مہاجرین سے بھارت کی شہریت چھین کر انہیں بے دخل کرنے کا عمل جاری کر دیا گیا۔

**بقیہ 29**

نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات سے مطابق واقعہ ذاتی رنجش کا لگتا ہے تاہم علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

**بقیہ 30**

مردہ خانہ پوسٹ مارٹم کے لیے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واجد علی فیکٹری کا مالک بتایا جارہا ہے، خودکشی کی وجہ گھریلو حالات، کاروباری نقصان یا کوئی اور وجہ ہے اس بارے تحقیقات کی جارہی ہیں۔

**بقیہ 31**

میں دوتہائی اکثریت سے کامیابی حاصل کر کے ملک کی ترقی کا سفر وہیں سے شروع کریں گے جہاں سے تعطل آیا تھا۔

**بقیہ 32**

تیار ہے، فسادی نیازی ہمت کریں اور اسمبلیاں توڑیں، ان کا لانگ مارچ کا ٹوپی ڈرامہ بھی بری طرح فلاپ ہوا ہے۔ طارق گل نے کہا کہ اب بہت جلد پنجاب میں دوبارہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت قائم ہوگی اور ترقی کا جو سفر جہاں سے روکا تھا وہیں سے شروع ہوگا۔

**بقیہ 33**

نہ ہونے سے کسانوں کاشتکاروں میں شدید مایوسی، اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق گندم کی فصل کو یوریا کھاد ڈالنے کا دورانیہ شروع ہوتے ہی کھاد ڈیلرز اور دکانداروں کی جانب سے کھاد کا مصنوعی بحران پیدا کر کے یوریا کھاد کی مقررہ قیمت سے کئی گنا زیادہ اور بلیک پر 2900 روپے تک فی بوری فروخت کر کے کسانوں کاشتکاروں کو ناجائز طور پر لوٹنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا سوہانی، کچھ رازی، بھونگ شریف، کوٹلہ جعفر لعل سمیت دیگر علاقوں میں کھاد ڈیلرز اور دکانداروں کی جانب سے یوریا کھاد مقررہ قیمت کے بجائے بلیک میں فروخت کر کے کسانوں کاشتکاروں کو لوٹنے کے لیے بڑے پیمانے پر ذخیرہ کر رکھی ہے یوریا کھاد مقررہ قیمت کے بجائے 2900 روپے میں فی بوری فروخت کی جارہی ہے، یوریا کھاد کی آسان دستیابی نہ ہونے سے کسان کاشتکار کھاد کھیول کے لیکھاد ڈیلرز اور دکانداروں کی منتیں ترلیکرنے پر مجبور ہوچکے ہیں، موزوں وقت پر مطلوبہ مقدار میں یوریا کھاد نہ ملنے سے گندم کی فصل بڑھوتری اور پیداوار شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے جبکہ انتظامیہ کی جانب سے کسانوں کاشتکاروں کو یوریا کھاد کی مقررہ قیمتوں پر آسان دستیابی یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات نہیں کیجا رہے۔ کاشتکاروں نے اعلی حکام سے فوری نوٹس لیتے ہوئے یوریا کھاد کی مقررہ قیمتوں پر آسان دستیابی یقینی بنانے کے لیے اقدامات اور کسانوں کاشتکاروں کو لوٹنے والے کھاد ڈیلرز اور دکانداروں کیخلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

**بقیہ 34**

ہوئے جرائم کو دیکھ کر لگ رہا ہے کہ پنجاب میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کرپشن میں مصروف ہے اور ڈاکو لوٹ مار میں، عوام پریشان ہے اور کوئی پرسان حال نہیں ہے۔

**بقیہ 35**

لاہور کے شہری ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ افراد کے رحم وکرم پر رہے اور اپنا مال واسباب لٹواتے رہے۔ لاہور میں رواں سال نومبر کے ایک ماہ میں ڈکیتی اور راہزنی کی ریکارڈ 1ہزار 158 وارداتیں ہوئیں، پرس اور موبائل سنیچنگ کی 896 وارداتیں ریکارڈ کی گئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ سال نومبر میں ڈکیتی راہزنی کے 609 واقعات رپورٹ ہوئے تھے جبکہ پرس وموبائل چھینے کے 429 واقعات رپورٹ ہوئے۔ شہری ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ افراد کے ہاتھوں لٹتے رہے۔

**بقیہ 36**

ہم کی جائیں گی۔ سہولت مرکز پر ورکرز کی حاضری اور چھٹیوں سے متعلق تمام مسائل کو بروقت حل کیا جائے گا، تمام ورکشاپس پر مرحلہ وار سہولت مرکز کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ٹھوکر ورکشاپ پر پہلے ہی سہولت مرکز کا آغاز کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے، ورکرز کے مسائل کو بروقت حل کرنے سے بہتر سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جاسکتا ہے، ہمارے ورکرز ہمارا اثاثہ ہیں، انکی فلاح و بہبود ایل ڈبلیو ایم سی کی ترجیحات میں شامل ہے۔

**بقیہ 37**

راجہ محمد حسین جنجوعہ 18 جون 1949 کو ڈھوک پیر بخش نزد ماتلی ضلع راولپنڈی میں پیدا ہوئے تھے جس کا نام بدل کر اب ڈھوک محمد حسین جنجوعہ رکھ دیا گیا ہے۔ سوار محمد حسین 3 ستمبر 1966 کو پاکستان کی مسلح افواج میں شامل ہوئے اور ڈرائیور کے طور پر خدمات انجام دینے لگے دسمبر 1971 میں وہ ظفر وال اور شکر گڑھ کے محاذ جنگ پر گولہ بارود کی ترسیل کرتے رہے اور کٹھن اور پرخطر مہمات میں پاک فوج کے گشتی دستوں کے ساتھ ساتھ رہے 10 دسمبر 1971 کو انہوں نے موضع ہرڑ خورد میں دشمن کی موجودگی کا پتہ چلایا اور اس کی اطلاع فورا اپنے یونٹ کے افسران کو دی پھر وہ خود یکے بعد دیگرے اپنی ایک ایک ٹینک شکن توپ کے پاس پہنچے اور دشمن کی صحیح نشاندہی کرتے ہوئے توپچیوں سے فائر کرواتے رہے جس کے نتیجے میں دشمن کے 16 ٹینک تباہ ہوئے اسی شام کو جب وہ اپنے ایک ریکائل لیس رائفل بردار کو دشمن کے ٹھکانے دکھا رہے تھے کہ ایک مشین گن کی گولیوں کی بوچھاڑ نے ان کا سینہ چھلنی کر دیا اور وہ شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوگئے سوار محمد حسین کی اعلی خدمات کے اعتراف کے طور پر حکومت پاکستان نے انہیں نشان حیدر کا اعزاز عطا کیا انہیں یہ اعزاز بھی حاصل ہوا کہ وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے پاک فوج کے پہلے جوان تھے

**بقیہ 38**

بھی 5،5 مرلے کے پلاٹس دیئے جائیں گے، پریس کلب کی ممبر شپ نہ رکھنے والے بیمار اور معذور صحافیوں کو بھی فیز II میں پلاٹس دیں گے، وفات پا جانے والے صحافیوں کی فیملیز کو بھی فیز II میں چھت فراہم کریں گے۔ وزیر اعلی نے کہا کہ بی بلاک کے متاثرین کو ان کا حق جلد از جلد کروا کر متاثرین کو ان کا حق لوٹائیں گے، صحافی کالونی ہربنس پورہ میں قبضہ مافیا کے لئے بلا امتیاز کارروائی کے لئے پولیس کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ خیال رہے کہ آشیانہ ہاؤسنگ سکیم میں 500 کنال اراضی صحافی کالونی فیز II کا اعلان کیا تھا تاہم اراضی کم ہونے کے باعث اب فیز II کے لئے روڈا ایریا میں اراضی فراہم کرنے کی منظوری دی ہے۔

**بقیہ 39**

نارکوٹکس فورس کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر امتیاز چیمہ اور انسپکٹر احسان اعظم عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت اسسٹنٹ ڈائریکٹر امتیاز چیمہ اور انسپکٹر احسان اعظم نے پراسیکیوشن کے الزام کو غلط قرار دیا۔ اس موقع پر دونوں گواہوں نے بھی بیان حلفی عدالت میں جمع کرا دیا جس میں کہا گیا کہ ہمارے سامنے منشیات برآمد نہیں ہوئی۔ انسداد منشیات کی خصوصی عدالت نے سماعت میں پندرہ منٹ کا وقفہ کیا جس کے بعد منشیات اسمگلنگ کیس میں رانا ثنا اللہ کی بریت کی درخواست منظور کرتے ہوئے خصوصی عدالت نے رانا ثنا اللہ کو بری کر دیا۔ عدالت نے دیگر شریک تمام ملزمان کو بھی بری کر دیا۔ رانا ثنا اللہ کی جانب سے دائر کی گئی بریت کی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ان کے خلاف مقدمہ جھوٹ پر مبنی اور من گھڑت ہے۔ اس میں مزید کہا گیا کہ ان کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمہ درج کیا گیا، درخواست میں پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کے ایک بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سابق وزیر نے واضح طور پر کہا تھا کہ یہ مقدمہ عمران خان کی حکومت کے کہنے پر درج نہیں کیا گیا بلکہ ملک کی باثر شخصیات نے ان کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ وفاقی وزیر نے عدالت سے استدعا کی کہ مساوات اور انصاف کی بنیاد پر انہیں سے بری کیا جائے۔ قبل ازیں عدالت میں وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ سمیت دیگر ملزمان نے پیش ہو کر حاضری مکمل کروائی۔ عدالت نے پراسیکیوشن کو رانا ثنا اللہ کے بنک اکاؤنٹس کھولنے کی متفرق درخواست پر جواب جمع کروانے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے دیگر متفرق درخواستوں پر بھی اے این ایف کو جواب جمع کروانے ہدایت کی اور ساعت کچھ دیر کے لئے ملتوی کر دی۔ جس کے بعد عدالت نے رانا ثنا اللہ کو عدالت سے جانے کی اجازت دے دی تھی۔ خیال رہے کہ گزشتہ دور حکومت میں جولائی 2019 میں رانا ثنا اللہ کو لاہور کی انسداد منشیات فورس نے گرفتار کیا تھا جب وہ فیصل آباد سے لاہور راول ٹول پلازہ کے قریب موٹروے پر سفر کر رہے تھے۔ انسداد منشیات فورس نے دعوی کیا تھا کہ ان کی گاڑی سے 15 کلو ہیروئن برآمد ہوئی ہے، جس کے بعد انسداد منشیات ٹیم نے پاکستان مسلم لیگ رہنما کے سیکورٹی گارڈ اور ڈرائیور سمیت 5 افراد کو گرفتار کیا تھا، ٹرائل کورٹ نے انہیں دو بار ضمانت دینے سے انکار کر دیا تھا تاہم 24 ستمبر 2019 کو لاہور ہائی کورٹ نے منشیات برآمدگی کیس میں گرفتار مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثنا اللہ کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے ان کی رہائی کا حکم دیا تھا۔ انسداد منشیات فورس کی جانب سے درج ایف آئی آر میں کہا گیا کہ رانا ثنا اللہ مبینہ طور پر منشیات کی اسمگلنگ اور ہیروئن لے جانے کے الزام میں نامزد ہیں۔

**بقیہ 40**

جائزہ لیا۔ اس موقع پر شہریوں نے نئے سمارٹ لائسنسنگ سنٹر کے قیام پر سی ٹی او لاہور سے اظہار تشکر کیا۔ سی ٹی او اسد اعجاز ملہی نے کہا کہ شاہراہوں پر جان ومال کی حفاظت اور سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے، کرپشن اور ناروا سلوک پر کوئی رعائت نہیں برتی جائے گی، خواتین اور بزرگ شہریوں کو ترجیح دی جائے، دفاتر میں آنے والے ہر شہری کو عزت دی جائے۔

**بقیہ 41**

ہ برداشت نہیں کرسکتا۔ فیصل کریم کنڈی نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 10 دسمبر دنیا بھر میں انسانی حقوق کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے اور میں اس روز پاکستانی قوم سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ دوسروں کے بنیادی حقوق کا نہ صرف احترام کریں بلکہ ان کے انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ معاون خصوصی فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ اس دن کی مناسبت سے میں آج حکومت پاکستان کی خواجہ سرا کمیونٹی کو بینظیر کفالت پروگرام میں شامل کرنے کے احسن اقدام کو سراہتا ہوں جو کہ اس طبقہ کے حقوق کی بحالی کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ڈائنامک رجسٹری شروع کر رہا ہے جس کی بدولت اس پروگرام سے محروم خاندانوں کو ایک موقع فراہم کیا جائے گا کہ وہ اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کروا کر پروگرام کا حصہ بن سکیں۔ وزارت تخفیف غربت بالخصوص بی آئی ایس پی انسانی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اپنا کردار ادا کرتا رہا ہے اور انشاءاللہ آگے بھی کرتا رہے گا۔

**بقیہ 42**

کیوسک، سکھر آمد 31ہزار 300 کیوسک اور اخراج 13ہزار 800 کیوسک، کوٹری آمد 16ہزار 600 کیوسک اور اخراج 5ہزار 400 کیوسک، تریموں آمد 5ہزار 300 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند آمد 400 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ ہے، پانی کی موجودہ سطح 1499.39 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 3.164 ملین ایکڑ فٹ۔ منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1128.45 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 1.023 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 641.20 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.044 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ دریائے کابل اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد واخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

**بقیہ 43**

غریب طلبا میں سویٹرز تقسیم کیے۔ اس حوالے سے چھوٹا سا پروگرام منعقد کیا گیا تھا جس میں ADEO,PNd افسر نور محمد صیب، ویلج چیئرمین غلاف صیب، خدمت خلق کمیٹی کے جنرل سیکرٹری [illegible] افریدی، رافیق آفریدی اور سکول کے اساتذہ [illegible] صیب، شاکر صیب، شرگل صیب نے شرکت کی۔ اے، ڈی، ای ای نور محمد صیب اور چیئرمین غلاف [illegible] بچوں کو وعظ ونصیحت کی اور چیئرمین غلاف [illegible] طرف سے معروف کاروان کا ان اقدام پر شکریہ ادا [illegible] مہمانان گرامی نے بچوں میں سویٹرز بھی تقسیم کیے۔

**بقیہ 44**

گوجرخان کی تاریخ کے ایک عظیم فلاحی شاہکار منصوبہ سمارٹ سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی کا سنگ بنیاد رکھا اور قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد اسے دور جدید کی تمام اہم سہولتوں کے ساتھ آراستہ کرنے اور اس منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے کوشاں ہیں یہ گوجرخان کی واحد سوسائٹی ہے جو فاٹا سے منظور ہونے کے بعد باقاعدہ طور پر این او سی بھی جاری ہو گیا ہے اور اسی سلسلہ میں گوجرخان طارق شریف سمارٹ سٹی کی لانچنگ تقریب کا انعقاد گوجرخان قلعہ مارکی میں ہوا جس میں ہزاروں کی تعداد میں معززین علاقہ، سیاسی راجہ جاوید اخلاص، چوہدری عظیم، چوہدری ضیافت، راجہ غفور کیانی کاروباری شخصیت اسلام آباد پراپرٹی ڈیلر راجہ عثمان جیرورتیال، اور دیگر کاروباری شخصیات اور صحافی برادری نے شرکت کی اس پروقار تقریب میں شعبہ تعلیم وتدریس اور صحت سے وابستہ اہم شخصیات نے بھی اپنی نمائندگی کرتے ہوئے اس جدید نوعیت کے شاہکار منصوبہ کو اس دھرتی کے لیے عظیم تحفہ قرار دیا بین الاقوامی شہرت یافتہ بزنس مین طارق شریف بھٹی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سمارٹ سٹی میں دس کنال اراضی اسپیشل افراد کے لیے مختص کردی ہے جس پر سپورٹس اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمپلیکس قائم کریں گے میڈیکل کالجز و دیگر تعلیمی اداروں سے علاقہ کے نوجوان علم کی روشنی سے بہرامند ہوں گے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہسپتال کشمیر، راولپنڈی چکوال گوجرخان کے لوگوں کے لیے علاج معالجہ کا ایک بہترین مرکز ہوگا متوسط طبقہ، کم آمدن والے شہریوں کے لئے بھی پالیسی کا اعلان کریں گے گوجرخان میں ایک نیا شہر آباد کریں گے جہاں پر وہ تمام سہولیات فراہم کریں گے جس کے لیے ہمارے لوگوں کو دیگر شہروں میں جانا پڑتا تھا انہوں نے کہا کہ جس بھی منصوبے کے لیے جوجگہ مختص ہوئی ہے وہ وہی پر ہی تعمیر ہو گا اس میں بعد میں کوئی ردوبدل نہیں کی جائے جب تک میری زندگی ہے میں اپنا کردار نبھاؤں گا میرے بعد میری آنے والی نسلیں ان عظیم الشان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گی گزشتہ روز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انکے تاریخی الفاظ تھے اس موقع پر پروفیسر محمد رفیق غونجا نے اسمارٹ سٹی کے حوالے سے پروجیکٹر کے ذریعے لوگوں کو بریفنگ دی جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سمیرا عرفان حمید نے سرانجام دیئے جبکہ کہ جنرل) ر (وقار احمد، جنرل ) ر ( عمران مجید اور عاطف کیانی نے بھی خطاب کیا سمیرا عرفان حمید نے کہا کہ طارق شریف بھٹی سمارٹ سٹی فلاحی حوالے سے جو منصوبے دے رہے ہیں وہ ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے پروفیسر ڈاکٹر محمد رفیق غونجا نے سمارٹ سٹی کو گوجرخان کے لوگوں کے لئے تحفہ قرار دیا اور کہا کہ یہ جدید نوعیت کا شاہکار منصوبہ ہے جو کہ طارق شریف بھٹی اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے جس کے ثمرات ہمارے گوجرخان کے باسیوں کو ملیں گے جنرل ر وقار احمد نے کہا کہ سمارٹ سٹی میں میڈیکل کالجز کا قیام خوش آئند ہے پنجاب کی بڑی تحصیل کے طالب علم یہاں سے میڈیکل تعلیم حاصل کریں گے اس موقع پر جنرل) ر( عمران مجید نے سمارٹ سٹی کو جدید سہولیات سے مزین ایک خوبصورت مثالی منصوبہ قرار دیا تقریب سے طارق شریف بھٹی نے خطاب میں کہا کہ وہ مختلف برانڈز، کاروبار متعارف کرانے جارہے ہیں، سمارٹ سٹی میں تجارتی مراکز قائم کریں گے، یہ منصوبہ ترقی کی جانب ایک اہم قدم ہوگا انہوں نے کہا کہ بیرون ممالک میں کاروبار کیا لیکن میرا مشن گوجرخان کے لوگوں کی خدمت کرنا ہے اور میرا ماضی گواہ ہے کہ میں نے ماضی میں بھی اپنے علاقہ میں فلاحی کام کئے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا اختتام پر عاطف کیانی نے بتایا کہ طارق شریف بھٹی نے جس طرح سپیشل افراد کے لیے خاص طور پر سپورٹس اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمپلیکس بنانے کا اعلان کیا ہے اس سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی ہے اور یہ اسپیشل افراد کے لیے بہت بڑی مسرت کی بات ہے انہوں نے طارق شریف بھٹی کے جذبات کی قدر کرتے ہوئے انہیں گوجرخان کا فخر قرار دیا

**بقیہ 45**

میں تحریک انصاف دوتہائی اکثریت سے کامیاب ہو گی۔ ان خیالات کا اظہار سینئر نائب صدر پاکستان تحریک انصاف شعبہ خواتین جنوبی پنجاب ذہین کنول نے سابق وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وصدر پاکستان تحریک انصاف جنوبی پنجاب شعبہ خواتین زرتاج گل سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ذہین کنول نے زرتاج گل کی پارٹی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے۔ ذہین کنول نے کہا کہ خواتین کے حقوق کی حقیقی پاسداری پاکستان تحریک انصاف کا ایک اہم جزو ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں 10 دسمبر عالمی انسانی حقوق کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں انسانوں کو قابل احترام مقام دینا، انسانی حقوق کی پامالی کی روک تھام ہے۔ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے عالمی برادری سے انصاف کی اپیل کرتے ہیں۔ زرتاج گل نے کہا کہ تحریک انصاف انسانی حقوق کی پاسدار جماعت ہے۔ تحریک انصاف نے اپنے دور حکومت میں بے سہارا اور مصیبت زدہ خواتین کی حالت بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے۔ موجودہ دور حکومت میں آزادی اظہار رائے کو جرم سمجھا جارہا ہے اور امپورٹڈ حکمرانوں کا نظام بنیادی انسانی حقوق بھی نہیں دے رہا۔ انہوں نے کہا کہ اعظم سواتی کی گرفتاری اور توہین کھلے عام انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ سینئر اعظم سواتی کیساتھ جو انتقامی سلوک کیا جا رہا ہے وہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر عہد کرتے ہیں کہ انسانیت کے دشمن پی ڈی ایم ٹولے کو گھر بھیج کر دم لیں گے اور آخری سانس تک اپنے لیڈر عمران خان کیساتھ ڈٹ کر کھڑے رہیں گے۔

**بقیہ 46**

کے علاقے میں پیدا ہوئے اور اس علاقے کو اب ڈھوک محمد حسین جنجوعہ کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ سوار محمد حسین نے 3 ستمبر 1966ء کو پاک فوج کی 20 لانسرز میں بطور ڈرائیور شمولیت اختیار کی، جب 1971ء کی جنگ شروع ہوئی، تو سوار محمد حسین اپنی یونٹ کے ساتھ ہر معرکے کے ہر محاذ پر بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ انہوں نے ہر خطرے کا آگے بڑھ کر مقابلہ کیا اور اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر ساتھیوں کے ساتھ مل کر دشمن کا دلیری سے مقابلہ کیا۔ نشان حیدر پانے والے سوار محمد حسین نے دسمبر 1971ء کی جنگ کے دوران دشمن کو ہراڑ خورد گاؤں کے قریب بارودی سرنگوں کے علاقے میں موجود پایا، تو انہوں نے پاک فوج کے نشانہ بازوں کو دشمن کی درست نشاندہی میں بھرپور مدد کی۔ انہوں نے دشمن کے ٹینکوں کو نشانے لگوائے، جس کے نتیجے میں 16 ٹینک تباہ ہوگئے اور اسی دوران وہ دشمن کی مشین گن کی گولیوں سے چھلنی ہو کر شہید ہو گئے۔

**بقیہ 47**

محفوظ رہ سکے۔ سربراہ جنرل ہسپتال نے سموگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بزرگ شہری، بچے اور بیمار افراد بھی ماحولیاتی آلودگی کا آسان ہدف ہیں جبکہ فضائی آلودگی حاملہ خواتین اور بچے کی صحت کو متاثر کرنے کے علاوہ نشوونما میں خلل ڈال سکتی ہے۔ حاملہ خواتین جو آلودہ علاقوں میں رہتی ہیں ان کے ابتدائی یا قبل از وقت لیبر کا زیادہ امکان ہو سکتا ہے۔ سموگ سے قبل از وقت لیبر اور دیگر مسائل جیسے کہ پیدائش کے وقت کم وزن، بچے کے پھیپھڑوں کا متاثر ہونا شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سموگ کی وجہ سے قوت مدافعت انتہائی کم ہو جاتی ہے اگر حاملہ خواتین دمہ کے مرض میں مبتلا ہوں تو پیچیدگیاں بڑھ سکتی ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ سموگ کی آلودگی بچوں کو براہ راست متاثر کرتی ہے اور ان کے بڑے ہونے پر ان کی صحت پر طویل مدتی اثرات مرتب ہوتے ہیں، جس میں ہائی بلڈ پریشر، دمہ، دل کی بیماری، [illegible] ٹو ذیابیطس وغیرہ شامل ہیں اور سانس کے مرض میں مبتلا مریض سموگ سے بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں جس سے پھیپھڑوں کے نقصان کا تناسب بڑھ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سموگ کی علامات میں گھبراہٹ، سینے میں جکڑن، سانس لینے میں دشواری، کھانسی اور الرجی جیسے کھانسی، سینے، آنکھوں، گلے اور ناک میں جلن شامل ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا شہری سموگ کے اوقات میں ورزش کرنے سے گریز کریں اور COPD میں مبتلا افراد ہر وقت اپنا انہیلر ساتھ رکھیں، سموگ سے بچاؤ کے لیے ماحول دوست صارف مصنوعات استعمال کریں اور بلا ضرورت گھر سے باہر نہ نکلیں اور ہجوم میں جاتے وقت فیس ماسک کا استعمال لازمی کریں تاکہ آلودگی سے محفوظ رہ سکیں۔

**بقیہ 48**

محکموں کے ضلعی سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کو پولیس، محکمہ ہیلتھ، ہائی وے، بلڈنگ، ایری گیشن، زراعت، لائیوسٹاک، ہیلتھ، ایجوکیشن، واپڈا، سوئی گیس سمیت دیگر محکموں کی کارکردگی اور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سردار طالب حسین نکئی نے کہا کہ شہریوں کو تمام شعبہ زندگی میں ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام موجودہ وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ عوام الناس کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع کی تعمیر وترقی کیلئے متعدد سکیموں سمیت ضلع بھر میں سڑکوں کی بحالی اور تعمیر ومرمت کے ترقیاتی منصوبہ جات پر کام جاری ہے اور جاری منصوبہ جات کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عام آدمی کا معیار زندگی مزید بہتر ہوسکے۔

**بقیہ 49**

الیکٹرک پول سے بہت جلد چھٹکارا دلادیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محلہ شمس آباد میں ندیم عباس، اسد علی کی جانب سے منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ہمیشہ علاقہ کی عوام نے بے پناہ محبت سے نوازا ہے، انشاءاللہ میں اپنے والد سابق ایم این اے رانا زاہد حسین خاں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے

**بقیہ 50**

ل قائم کردی، رانا فرقان کنوینر تمبر خورد، رانا اختر علی کوارڈینیٹر رانا صغیر اور دیگر احباب نے کیمپ کا انتظام کیا سرپرست تمبر کلاں رانا طاہر ایڈووکیٹ۔ چیف کنونیر رانا انتظار اور دیگر عہدے داران نے ڈاکٹروں اور سٹاف کو خراج تحسین پیش کیا اور بہترین کارکردگی پر تعریفی شیلڈز اور اسنادیں دیں۔

**بقیہ 51**

احمد یار جوئیہ کی بیوی شہناز بی بی کو دیور نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا، قاتل جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ تھانہ احمد یار پولیس نے مقتولہ کی لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس مصروف تفتیش ہے۔ بتایا گیا ہے کہ مقتولہ پانچ بچوں کی ماں تھی۔

**بقیہ 52**

سیکرٹری حافظ غلام عباس، سٹی رہنما شیخ عرفان قادری، محمد رضوان قادری، فرحان، مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری شیخ جاوید حیدر، انجمن تاجران سیٹھی پلازہ کے صدر میاں شمس، ناصر خان لودھی، علامہ یعقوب عطاری اور دانش بٹ کے علاوہ معززین علاقہ شریک تھے۔ اس موقع پر مرکزی جنرل سیکرٹری انجمن تاجران سیالکوٹ شیخ جاوید حیدر نے کہا کہ کاروبار شروع کرنے پر ریسٹوران مالکان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامیابی عطا کرے گا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک سیالکوٹ قیصر امین بٹ نے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**بقیہ 53**

کھیں کہ موٹرسائیکل سوار نوجوان علی رضا سڑک پر کھڑی گنا سے لوڈ ٹرالی سے ٹکرا کر شدید زخمی ہو کر جان کی بازی ہار گیا۔ جس کی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کردی گئی۔

**بقیہ 54**

سنے اور انکے حل کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اس کی بہتری کیلئے کسانوں کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایات جاری کیں کہ سرکاری ریٹس سے زائد قیمت پر کھاد، بیج اور ادویات بیچنے والے دوکانداروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کی جائیں اس ضمن میں ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

**بقیہ 55**

ٹیم تشکیل دیکر تلاش شروع کر دی ہے۔

**بقیہ 56**

پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنیکل وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اندھے قتل کو ٹریس کر لیا۔ ڈی ایس پی افتخار وریا نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ندیم نے اپنی دوسری بیوی اور اپنے سالے سے ملکر مقتولہ تسلیم بی بی کو گلا دبا کر موت کے گھاٹ اتارا۔ اور بعد مقتولہ کی نعش کو نہر گوگیرہ برانچ میں پھینک دیا گیا تھا۔ ملزمان کی نشاندہی پر مقتولہ لاش تھانہ گوجرہ کے ایریا منگی بنگلہ سے برآمد کی گئی۔ جن سے مزید تفتیش جاری ہے۔

**بقیہ 57**

سے بعض عاقبت نااندیش اور نادان ذاتی مفاد اور اقتدار کے حصول کے لئے ملک کی کشتی ڈبونے کے درپہ ہیں، نیازی خان جان لیں مسلم لیگ ن ہر قیمت پر ملکی سلامتی اور خودمختاری کا دفاع کرے گی۔

**بقیہ 58**

نمائندوں کی شرکت تفصیلات کے مطابق شہدائے خیبر کے فیملیز کی طرف سے ڈی پی او خیبر محمد عمران خان کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ پروگرام میں اے سی جمرود شکیل خان قبائلی عمائدین اور میڈیا نمائندوں سمیت پولیس افسران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ شہیدا خیبر کمیٹی کے چیئرمین نے اپنے خطاب میں کہا کہ انظمام کے بعد شہدا کے فیملیز کو کئی مشکلات کا سامنا تھا اور اس حوالے سے ہم نے وقتاً فوقتاً مختلف جگہوں پر پرامن احتجاج بھی ریکارڈ کیے اور ساتھ ساتھ مختلف افسران کے ساتھ رابطے میں تھے۔ ڈی پی او خیبر نے ہمارے مسائل کو غور سے سنے اور حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جسکی بدولت ہمیں پچھلے تین سالوں کے بند وضائف کے مد میں حکومت کے طرف سے فی خاندان 5 لاکھ 40 ہزار ملے اس سارے عمل میں ڈی پی او خیبر ڈی سی خیبر اور اے سی خیبر نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور انکی کوششوں سے ہمیں واضائف ملے جس پر ہم صوبائی حکومت اور ائی جی پی، سی سی پی سمیت تمام افسران کا شکرگزار ہوں۔ اور امید کرتا ہوں کہ یہ وضائف مستقل طور پر جاری رہینگے اور اسکے علاوہ شہدا کے بچوں کو بھرتی اور دوسرے فورسیز کی طرح تنخواہیں بھی جاری کردی جائے گی۔ انہوں نے اعلی احکام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ عوضی خاصہ دار نے بھی وطن کے لئے قربانیاں دی ہے لہذا انکے لئے شہدا پیکج منظور کیا جائے اور وہ تمام مراعات جو ریگولر فورس کو حاصل ہے انکو بھی دی جائے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان نے اپنے خطاب میں شہدا فیملیز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ پولیس میں شہدا کا اعلی مقام ہیں اور شہدا کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہمارے ترجیحات میں شامل ہیں انہوں نے کہا کہ شہدا کے تمام مسائل حل کے لئے کوشاں ہیں۔ بند وضائف کو شروع کرنے سمیت تمام مسائل حل کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گے شہدا کے ویلفیئر کا بھرپور خیال رکھا جائے گا۔

**بقیہ 59**

ملک عامر فدا پراچہ کا کہنا تھا میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کے اللہ نے مجھے دکھ اور درد اور بے سہارا عوام کی خدمت کرنے کا موقع دیا ہے اس پر میں اپنے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں غریب اور مستحق افراد کی خدمت میں عبادت سمجھ کر کر رہا ہوں اور بیمار اور مستحق افراد کی خدمت کر کے بڑا سکون ملتا ہے ملک عامر فدا پراچہ نے آئے ہوئے پیپلز پارٹی عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آمید کرتا ہوں کہ آپ بھی اپنے علاقہ میں غریب بے سہارا افراد کی خدمت کریں گے

**بقیہ 60**

726000 روپے ہتھیائے۔ ملزم کے زیر استعمال موبائل فون کو قبضے میں لے لیا گیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

**بقیہ 61**

تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا فیصل آباد روڈ کے قصبہ لالیاں کے علاقہ میں موٹر سائیکل سواروں نے آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 18 ہزاری کے فیصل آباد ٹیکسٹائل مل ملازم شاہ زیب کو قتل کر دیا اور فرار ہو گے پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی اور جائے واردات سے شواہد اکھٹے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

**بقیہ 62**

زاور ایسوسی ایشنز (خصوصی طور پر راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری) نے ایف پی سی سی آئی کا بھر پور ساتھ دیا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر سلیمان چاولہ نے کہا کہ ڈیڑھ ماہ سے ایف پی سی سی آئی نے بھرپور انداز میں اس مسئلے کو تمام فورمز پر اٹھایا تھا۔ سابق صدر ایف پی سی سی آئی وچیئرمین (بزنس مین پینل گروپ) بی ایم پی میاں انجم نثار نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی اور بی ایم پی ہمیشہ قومی اور معاشی اہمیت کے مسائل پر اپنی آواز اٹھاتے رہیں گے۔ سویابین کے کنسائنمنٹس کو کلیئر کرنے کے حکومتی فیصلے پر پولٹری ایسوسی ایشن اور ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن نے ایف پی سی سی آئی اور بی ایم پی قیادت کا شکریہ ادا کیا ہے۔

# نواز شریف کی وطن واپسی، عمران کو گھبراہٹ شروع ہوگئی، حاجی امداد

## عوام الیکشن میں فتنہ خان، انکے حواریوں کا کڑا محاسبہ کریں گے' رہنما (ن) لیگ

## سیاسی انتشار کی بھینٹ چڑھایا، عمران خان اور ان کے حواری ملک کی بنیادیں ہلانے کی سیاست کر رہے ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سابق رکن پنجاب اسمبلی حاجی امداد حسین نے کہا ہے کہ پارٹی قائد میاں نواز شریف کی وطن واپسی کی تیاریوں پر عمران خان کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا بلکہ گھبرانا شروع کر دیا ہے، اب فتنہ خان بیرون ملک بھاگ جائیں گے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ملک کو تجربات اور سیاسی انتشار کی بھینٹ چڑھایا، عمران خان اور ان کے حواری ملک کی بنیادیں ہلانے کی سیاست کر رہے ہیں لیکن عوام ان کا کڑا محاسبہ کریں گے۔ انہوں نے کہا عمران خان چاہتے ہیں انتخابی میدان میں کوئی ان کے مد مقابل نہ ہو اور ادارے انکی کامیابی کے لئے کردار ادا کریں، آئندہ عام انتخابات میں نواز شریف کی قیادت(بقیہ نمبر 31)

## یوٹرن خان کا استعفوں کا ڈرامہ بھی فلاپ ہوگیا' طارق گل

## پی ڈی ایم الیکشن کیلئے تیار، نیازی ہمت کریں اسمبلیاں توڑیں' رکن پنجاب اسمبلی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی طارق گل نے کہا ہے کہ قائد نواز شریف کی واپسی کا تذکرہ سن کر پی ٹی آئی ٹولے کی نیندیں اڑ گئی ہیں، عمران نیازی نے 4 سالوں میں قوم کو مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا، یوٹرن خان کا استعفوں کا ڈرامہ بھی فلاپ ہو چکا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پی ڈی ایم الیکشن کیلئے (بقیہ نمبر 32)

لاہور' رکشہ ڈرائیور اوورلوڈ کیے جا رہا ہے

## ایل ڈبلیو ایم سی نے چلڈرن ورکشاپ پر سہولت مرکز کا افتتاح کر دیا

## انکی فلاح و بہبود ایل ڈبلیو ایم سی کی ترجیحات میں شامل ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ملازمین کی فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے چلڈرن ورکشاپ پر سہولت مرکز کا افتتاح کر دیا۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی علی عنان قمر نے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سہولت مرکز کے قیام کا مقصد ملازمین کو انکی فلاح و بہبود کے متعلق تمام معلومات فراہم کرنا ہے، سہولت مرکز میں ملازمین کو EOBI اور سوشل سیکورٹی کے متعلق تمام معلومات فرا(بقیہ نمبر 36)

## پتوکی، بس نے تین گاڑیوں کو ٹکر ماردی، دو خواتین سمیت تین زخمی

## رانا محمد الیاس نے مقدمہ درج کروانے کے لیے سٹی پولیس پتوکی کو تحریری درخواست دے دی

پتوکی (این این آئی) ہلہ چوک پتوکی میں بس کے ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی، تین گاڑیوں کو ٹکر ماردی، دو خواتین فیکٹری ورکرز سمیت تین زخمی ہو گئیں جنہیں طبی امداد کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد بس کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، ایس ایچ او سٹی پتوکی سید ثقلین بخاری کی ہدایت پر سٹی پولیس پتوکی موقع پر پہنچ گئی، بس کو قبضہ میں لے کر تھانہ سٹی پتوکی منتقل کر دیا گیا، رانا محمد الیاس نے مقدمہ درج کروانے کے لیے سٹی پولیس پتوکی کو تحریری درخواست دے دی۔ واقعے کے بعد بس کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، ایس ایچ او سٹی پتوکی سید ثقلین بخاری کی ہدایت پر سٹی پولیس پتوکی موقع پر پہنچ گئی، بس کو قبضہ میں لے کر تھانہ سٹی پتوکی منتقل کر دیا گیا، رانا محمد الیاس نے مقدمہ درج کروانے کے لیے سٹی پولیس پتوکی کو تحریری درخواست دے دی۔

## سونمیانی اور گردونواح میں یوریا کھاد کا مصنوعی بحران پیدا کر کے کسانوں کاشتکاروں کو لوٹنے کا سلسلہ شروع

سونمیانی (نمائندہ خصوصی) سونمیانی اور گردو نواح میں یوریا کھاد کا مصنوعی بحران پیدا کر کے کسانوں کاشتکاروں کو لوٹنے کا سلسلہ شروع، یوریا کھاد مقررہ قیمت سے زائد پر اور بلیک میں 2900 روپے فی بوری فروخت کی جانے لگی، یوریا کھاد کی بلیک میں فروخت کر کے لوٹ مار کرنے والے کھاد ڈیلرز اور دکانداروں کے خلاف کارروائیاں(بقیہ نمبر 33)

## لاہور میں ڈکیتی، راہزنی میں گزشتہ سال نومبر کی نسبت 90.15 فیصد اضافہ

لاہور (این این آئی) لاہور میں گزشتہ ماہ نومبر میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں نے ریکارڈ توڑ دیئے اور گزشتہ سال نومبر کی نسبت شہر میں 90 اعشاریہ 15 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں 108 اعشاریہ 86 فیصد اضافہ ہوا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق(بقیہ نمبر 35)

## سوار محمد حسین شہید نشان حیدر کی 51 ویں برسی ان کے آبائی گاؤں میں منائی گئی میجر جنرل محمد عرفان نے انکے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سوار محمد حسین شہید نشان حیدر کی 51 ویں برسی گوجرخان کے قریب ڈھوک محمد حسین میں منائی گئی جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل محمد عرفان نے سوار محمد حسین شہید کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا تقریب میں سول و عسکری حکام اور شہدا کے لواحقین نے شرکت کی 10 دسمبر 1971 کو پاکستان آرمی کے جوان سوار محمد حسین نے شکرگڑھ کے محاذ پر جام شہادت نوش کیا(بقیہ نمبر 37)

محمد خلیل الرحمن چشتی
عرس مبارک
عرس و سیمینار

لاہور' آستانہ عالیہ چشتیہ آباد شریف کاموکے کے زیراہتمام سیمینار سے پیر سید محمد جمیل الرحمٰن چشتی خطاب کر رہے ہیں

# ہر ادارہ کرپشن کی دلدل میں دھنستا چلا جا رہا ہے، جاوید قصوری

## ملک کے اندر احتساب کا پورا سسٹم بدحالی کی نذر ہو چکا ہے۔ نیب محض سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے استعمال ہو رہا ہے

## ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ تشویشناک، پولیس اور عدلیہ کرپٹ ادارے بن چکے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کی تازہ رپورٹ تشویشناک ہے، جس میں پولیس کو پاکستان کا کرپٹ ترین ادارہ قرار دیا گیا ہے جبکہ ٹینڈرنگ کا شعبہ دوسرے اور عدلیہ تیسرے نمبر پر ہے، رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سیلاب متاثرین کو ملنے والی اربوں ڈالر کی امداد میں بھی بڑے پیمانے پر کرپشن ہوئی ہے، یہ خدشہ جماعت اسلامی شروع دن سے ظاہر کر رہی تھی

## انسانی حقوق کی پامالی کوئی بھی معاشرہ برداشت نہیں کرسکتا فیصل کریم کنڈی وزیر اعظم کے معاون خصوصی کا انسانی حقوق کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (عوامی للکار) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ جناب فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا تحفظ کسی بھی مہذب، انصاف پسند اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ لہٰذا انسانی حقوق کی پامالی کوئی بھی معاشر(بقیہ نمبر 41)

## مدرسوں میں غریب، یتیم بچوں میں سردی کی مناسبت سے سویٹرز، جوتے وغیرہ پروگرام شروع

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) تعلیمی ایمرجنسی پروگرام کے تحت معروف کاروان باڑہ کے مختلف سرکاری سکولوں، مدرسوں میں غریب، یتیم بچوں میں سردی کی مناسبت سے سویٹرز، جوتے وغیرہ پروگرام شروع کیا ھیں۔ جیسے عوامی سطح پر بہت سراہا جا رہا ھیں۔ اسی سلسلے میں آج معروف کاروان کا نمائندہ خان محمد آفریدی نے سپاہ کے دو سکولوں گورنمنٹ پرائمری سکول یار محمد کلے غازیزہ اور گورنمنٹ پرائمری سکول طالب جان کلے جھانسی میں مستحق (بقیہ نمبر 43)

آیان
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن المایاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

ناصر CNG اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

# لاہور، 60 سالہ شخص نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی

## خودکشی کی وجہ گھریلو حالات، کاروباری نقصان یا کوئی اور وجہ ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقہ بادامی باغ میں 60 سالہ شخص نے خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق 60 سالہ شخص کی شناخت واجد علی کے نام سے ہوئی جس نے خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور فرانزک ٹیم موقع پر پہنچی اور جائے وقوعہ سے شواہد بھی اکھٹے کر لیے۔ لاش کو میو ہسپتال(بقیہ نمبر 30)

معیاری اشیاء...مناسب دام
یوٹیلیٹی سٹور کارپوریشن رائے ونڈ

رائے ونڈ، یوٹیلیٹی سٹور کے باہر شہری کی کثیر تعداد خریداری کیلئے اپنی باری کا انتظار کر رہی ہے

# پنجاب میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں' مسرت صدیقی

## ڈاکو لوٹ مار میں، عوام پریشان ہے اور کوئی پرسان حال نہیں ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے رہنما مسرت صدیقی نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، بازاروں میں گراں فروش لوٹ مار میں مصروف ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ غریب عوام کو گھروں کی دہلیز پر لوٹا جا رہا ہے، حکومت اور سیکورٹی ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں، بڑھتے (بقیہ نمبر 34)

لاہور' مال گاڑی دریائے راوی پر بنے ہوئے پل سے گزر رہی ہے

## وزیر اعلیٰ پنجاب نے لاہور میں صحافی کالونی فیز II کے لئے 700 کنال اراضی مختص کرنے کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے لاہور میں صحافی کالونی فیز II کے لئے 700 کنال اراضی مختص کرنے کی منظوری دیدی۔ وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ فیز ٹو کیلئے اراضی روڈا ایریا میں فراہم کی جائے گی، فیز ٹو سے صحافیوں کیلئے اپنی چھت کا خواب پورا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور پریس کلب کے ملازمین کو (بقیہ نمبر 38)

## منشیات برآمدگی کیس میں پیشرفت، وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ سمیت تمام شریک ملزمان باعزت بری

لاہور (این این آئی) انسداد منشیات کی خصوصی عدالت نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کی منشیات برآمدگی کیس میں بریت کے لیے دائر درخواست منظور کرتے ہوئے مقدمے سے باعزت بری کر دیا۔ منشیات اسمگلنگ کیس سے بریت کے لیے رانا ثنا اللہ کی درخواست پر سماعت ہوئی جس میں اینٹی (بقیہ نمبر 39)

## پتوکی، تیسرے ماہانہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

## آنکھوں کے مریضوں کا فری چیک اپ کیا ایاز احمد مینجر میکولسن فارما

پتوکی (این این آئی) جمبر ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام تیسرے ماہانہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ پنجاب ڈینٹل ہاسپٹل لاہور کے ڈینٹل سرجن ڈاکٹر ہاشم خلیل۔ ٹی ایچ کیو پتوکی کے ماہر او پی ٹی، ڈاکٹر مدثر رانا اور فزیو تھراپسٹ ڈاکٹر رانا امید علی اور ڈاکٹر راو نثار نے سینکڑوں دانتوں اور آنکھوں کے مریضوں کا فری چیک اپ کیا ایاز احمد مینجر میکولسن فارما۔ طارق محمود مینجر پنجاب پلاٹینم فارما۔ عامر میراج مینجر ویرک فارما۔ جناب ڈاکٹر رانا رضوان رانا طاہر فارمیسی نے ہزاروں روپے کی فری میڈیسن فراہم کر کے خدمت خلق کی مثا(بقیہ نمبر 50)

## سی ٹی او لاہور کا مناواں لائنز کا دورہ، ڈرائیونگ ٹیسٹ کے مختلف مراحل کا جائزہ

## کرپشن اور ناروا سلوک پر کوئی رعائت نہیں برتی جائے گی

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے گزشتہ روز مناواں لائنز کا دورہ کر کے ڈرائیونگ ٹیسٹ کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا۔ سی ٹی او ڈاکٹر اسد ملہی نے نئے اسٹیٹ آف دی آرٹ مناواں لائنز کا دورہ کیا اور اس کے ساتھ انہوں نے ایم ٹی سیکشن، گارڈ رومز، میس اور جم کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے سمارٹ لائسنسنگ سینٹر 24/7 کا وزٹ کیا اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آنے والے شہریوں سے سہولیات بارے استفسار کیا۔ ڈاکٹر اسد ملہی نے ڈرائیونگ ٹیسٹ کے مختلف مراحل کا(بقیہ نمبر 40)

## دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

## دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے

چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 21 ہزار 600 کیوسک اور اخرج 46 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 800 کیوسک، خیر آباد پل آمد 17 ہزار 300 کیوسک، اخراج 17 ہزار 300 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 8 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 22 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 5 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 2 ہزار کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 54 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 49 ہزار 500 کیوسک، چشمہ 51 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 47 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 48 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 40 ہزار کیوسک، گدو آمد 39 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 33 ہزار 500(بقیہ نمبر 42)

nni
2022
EDEN HOUSING
NAB

لاہور' نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے متاثرین پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

## طارق شریف بھٹی سمارٹ سٹی میں گوجرخان کے لیے عظیم فلاحی شاہکار منصوبے دیئے جا رہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد سے) تفصیلات کے مطابق دھرتی گوجرخان سپوت سماجی، بین الاقوامی شہرت یافتہ بزنس مین چیئرمین سمارٹ سٹی طارق شریف بھٹی جو کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں انھوں نے(بقیہ نمبر 44)

## انسانی حقوق کا تحفظ تحریک انصاف کی اولین ترجیح ہے۔ ذہین کنول

ملتان (یو این پی) انسانی حقوق کا تحفظ تحریک انصاف کی اولین ترجیح ہے۔ پی ڈی ایم حکومت انسانی حقوق کی کھلے عام توہین کر رہی ہے۔ عمران خان صاف شفاف انتخابات چاہتے ہیں۔ پی ڈی ایم ٹولہ پر شکست کا خوف طاری ہے۔ عام انتخابات (بقیہ نمبر 45)

## سوار محمد حسین شہید نشان حیدر کا 51 واں یوم شہادت منایا گیا

## 1971 کی جنگ میں جرات، بہادری کی نئی داستان قائم کی، جام شہادت نوش کیا

لاہور (این این آئی) جان کا نذرانہ پیش کر کے مادر وطن کا دفاع کرنے والے سوار محمد حسین شہید نشان حیدر کا 51 واں یوم شہادت گزشتہ روز منایا گیا۔ سوار محمد حسین نے 10 دسمبر 1971 کو دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے جرات اور بہادری کی نئی داستان رقم کی اور جام شہادت نوش کیا تھا۔ وہ 18 جون 1949 ء کو ڈھوک پیر بخش کے(بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

# حکومت کا سویابین کے کنسائمنٹس کو کلیئر کرنے کے فیصلے سے خوشی ہے، عرفان اقبال

## ایف پی سی سی آئی اور بی ایم پی ہمیشہ قومی اور معاشی اہمیت کے مسائل پر اپنی آواز اٹھاتے رہیں گے

## ڈیڑھ ماہ سے ایف پی سی سی آئی نے بھرپور انداز میں اس مسئلے کو تمام فورمز پر اٹھایا تھا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عرفان اقبال شیخ نے حکومت کی جانب سے سویابین کے کنسائمنٹس کو کلیئر کرنے کے فیصلہ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایف پی سی سی آئی نے ایسے اقدام کی مذمت کی تھی، جن سے ملک میں فوڈ سیکیورٹی کا مسئلہ بن رہا تھا۔ اس مسئلے کے حل کے لئے تمام ٹریڈ چیمبر(بقیہ نمبر 62)

## انٹرنیٹ پر بیرون ملک ملازمت کے جعلی اشتہارات لگانے میں ملوث ملزم گرفتار کرلیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل نے سائبر کرائم سرکل فیصل آباد نے انٹرنیٹ پر بیرون ملک ملازمت کے جعلی اشتہارات لگانے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم محمد اقبال کو فیصل آباد سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم نے جعلی اشتہار لگاتے ہوئے شکایت کنندہ سے (بقیہ نمبر 60)

## شہدائے خیبر پولیس فیملیز کے طرف سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام

ضلع خیبر (اکبر آفریدی سے) شہدائے خیبر پولیس فیملیز کے طرف سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام شہدا خیبر کے لواحقین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے پر انکو خراج تحسین پیش کیا گیا، پروگرام میں اسسٹنٹ کمشنر جمرود شکیل خان کی خصوصی شرکت کے علاوہ شہدا کے لواحقین، قبائلی عمائدین اور میڈیا(بقیہ نمبر 58)

## سرگودھا، مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، مل ملازم کو قتل کر دیا

## پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردی

سرگودھا (نبیل ادریس سے) آتشیں اسلحہ سے مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے مل ملازم کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے، پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی اور جائے واردات سے شواہد اکھٹے کرتے ہوئے مصروف(بقیہ نمبر 61)

## سردار لیاقت خان نے چیئرمین ایم ڈی بیت المال ملک عامر فدا پراچہ سے ملاقات کی

## آپ بھی اپنے علاقہ میں غریب بے سہارا افراد کی خدمت کریں گے

راولپنڈی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی ضلعی نائب صدر راولپنڈی سردار لیاقت خان نے چیئرمین ایم ڈی بیت المال ملک عامر فدا پراچہ سے ملاقات کی اور بیت المال عوامی خدمت کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور پھول دیے اس موقع پر سید عامر شاہ اور مسعود خٹک نے بھی چیئرمین ملک عامر فدا پراچہ کو مبارکباد دی چیئرمین بیت المال (بقیہ نمبر 59)

پاکستان پیپلز پارٹی ضلعی نائب صدر راولپنڈی سردار لیاقت خان نے چیئرمین ایم ڈی بیت المال ملک عامر فدا پراچہ سے ملاقات کی اور بیت المال عوامی خدمت کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور پھول دیے

# عمران کا قبل از وقت الیکشن کا مطالبہ غیر آئینی ہے، ماجد کمبوہ

## نیازی جان لیں (ن) لیگ ہر قیمت پر ملکی سلامتی اور خود مختاری کا دفاع کریگی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری ماجد محمود کمبوہ نے کہا ہے کہ عمران خان کا قبل از وقت الیکشن کا مطالبہ غیر آئینی اور غیر جمہوری ہے، پی ٹی آئی نے تین سالوں میں ملک کا بیڑا غرق کیا، ملک کی معیشت کی تباہی کا ذمہ دار عمران خان ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا عمران خان نے ملک میں سوائے نفرت کی سیاست کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بد قسمتی (بقیہ نمبر 57)

لاہور' جیلانی پارک میں بلوچی سجی تیار کی جا رہی ہے

## مکوانہ، گستاخ بیٹے نے گھریلو تنازعہ پر باپ کو قتل کر دیا

## پولیس نے ملزم کی گرفتاری کیلئے ریڈنگ ٹیم تشکیل دیکر تلاش شروع کر دی ہے

مکوانہ (این این آئی) تاندلیانوالہ میں گستاخ بیٹے نے گھریلو تنازعہ پر باپ کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ تاندلیانوالہ سٹی کے علاقہ چک 336 گ ب روڑاں والی میں نا خلف بیٹے حبیب الرحمٰن عرف کالی نے سوتے ہوئے عمر رسیدہ باپ لعل خان کو سر میں ڈھنڈے سے وار کر کے قتل کر دیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 اور پولیس کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچیں تو مضروب دم توڑ چکا تھا۔ پولیس نے بزرگ کی نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکھٹے کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی۔ ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہو گیا۔ پولیس نے ملزم کی گرفتاری کیلئے ریڈنگ (بقیہ نمبر 55)

## فیصل آباد، پولیس کی کارروائی، تین ماہ قبل ہونیوالے اندھے قتل کے ملزمان گرفتار کرلیا

مکوانہ (این این آئی) فیصل آباد کے نواحی گاؤں چک نمبر 283 گ ب کے رہائشی محمد عباس نے تین ماہ قبل تھانہ روڈالہ میں درخواست گزاری کہ میری بہو کافی دنوں سے لاپتہ ہے۔ جس پر ایس پی ٹاؤن جڑانوالہ کی ہدایت پر ڈی ایس پی افتخار وریا کی نگرانی میں ایک پولیس ٹیم تشکیل دی گئی۔(بقیہ نمبر 56)

## شوگر ملز کے باہر کھڑی گنا ٹرالی سے موٹر سائیکل نوجوان ٹکرا کر جاں بحق ہوگیا

سرگودھا (نبیل ادریس سے) شوگر ملز کے باہر کھڑی گنا ٹرالی سے موٹر سائیکل نوجوان ٹکرا کر جاں بحق ہوگیا جس کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا گجرات روڈ گنا سے لوڈ ٹرالیاں شوگر مل کے باہر کھڑی (بقیہ نمبر 53)

## ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کی کسان اتحاد کے وفد سے ملاقات

## کسانوں کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا' ڈپٹی کمشنر

قصور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قصور فیاض احمد موہل کی کسان اتحاد کے وفد سے ملاقات گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں ہوئی۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ماہم آصف ملک، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل منور حسین، اسسٹنٹ کمشنر قصور نبیل احمد، اے سی پتوکی خرم شہزاد بھنگو، اے سی چونیاں خرم حمید، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد اکرم، کسان اتحاد کے عہدیداران اور تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کسانوں کے مسائل (بقیہ نمبر 54)

لاہور' لاہور بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری عمار یاسر جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

# کاروباری نظام میں اسلامی تعلیمات اپنائی جائیں، حاجی اظہر عطاری

## کاروبار شروع کرنے پر ریستوران مالکان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامیابی عطا کرے گ

## اسلام دین حقیقت و خیر برکت کا نام ہے، دین اسلام ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیابی کے راز بتاتا ہے

سیالکوٹ (نمائندہ عوامی للکار) دعوت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن و معروف عالم دین حاجی اظہر عطاری نے کہا ہے کہ کاروباری نظام میں اسلامی تعلیمات اپنائی جائیں، اسلام دین حقیقت و خیر برکت کا نام ہے، دین اسلام ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیابی کے راز بتاتا ہے، خاتم النبیین نبی کریم رحمت العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے دین پر عمل کر کے دین و دنیا کی کامیابی حاصل کی جا سکتی ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے خادم علی روڈ سیالکوٹ میں ٹو باٹیس ریستوران کی افتتاحی تقریب کے دوران شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک پولیس سیالکوٹ قیصر امین بٹ، سنی تحریک کے سٹی صدر محمد ذوہیب قادری، ضلعی پریس (بقیہ نمبر 52)

## احمد یار، دیور نے غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے پانچ بچوں کی ماں کو موت کے گھاٹ اتار دیا

احمد یار (این این آئی) دیور نے غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے پانچ بچوں کی ماں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں بلاڑہ دلاور میں (بقیہ نمبر 51)

## تحریک انصاف مساوی انسانی حقوق پر یقین رکھتی ہے۔ سارہ علی سید

## بندوق کی نوک پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو دبایا نہیں جاسکتا

ملتان (یو این پی) تحریک انصاف مساوی انسانی حقوق پر یقین رکھتی ہے۔ امپورٹڈ حکومت نے بنیادی انسانی حقوق سلب کر لیے ہیں۔ بندوق کی نوک پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو دبایا نہیں جاسکتا۔ انسانی حقوق کے عالمی دن پر اہل کشمیر سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 1500/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Featured
.us & .top Free Domain
Free SSL Certificate
02 GB SSD Storage
15 GB Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL Databases
Unlimited Subdomains
Unlimited FTP Accounts
DNS Management
SSH Access
UnlimitWordPress Acceleration
99.9% Uptime Guarantee
24/7/365 Support
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website Price: 3000/- PKR
Call / Whatsapp 0309-7900035